ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعۃ المبارک 6 نومبر 2026ء 26 جمادی الاول 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 61
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

اگلے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مسلسل تربیت ناگزیر ہے، فیلڈ مارشل

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ اور نئے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تربیت اور مقامی سطح پر دفاعی صلاحیتوں کی ترقی اور آپریشنل تیاریوں پر غیر متزلزل توجہ ضروری ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ہیڈکوارٹرز ایس ایس جی تربیلا کا دورہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کا اعلان

ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 5 روپے 56 پیسے فی لٹر کی کمی، فی لٹر قیمت میں 9 روپے 41 پیسے کمی کے بعد پٹرول کی نئی قیمت 352 روپے 59 پیسے فی لیٹر مقرر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑی کمی کردی اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 9 روپے 41 پیسے کی کمی کی گئی ہے اور پیٹرول کی نئی قیمت 352 روپے 59 پیسے فی لیٹر مقرر کردی گئی ہے۔ ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 5 روپے 56 پیسے فی لیٹر کی کردی گئی، جس کے نتیجے میں ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 382 روپے 25 پیسے فی لیٹر ہوگئی ہے۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اطلاق 6 نومبر 2026 کے لیے ہوگا۔ قبل ازیں بتایا گیا تھا کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے روزانہ کی بنیاد پر تعین کے معاملے اہم فیصلہ کیا ہے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بڑے ریلیف کا امکان ظاہر کیا گیا تھا۔

بی آئی ایس پی میں کرپشن، گریڈ 17 تا 20 کے افسران بھی مستفید ہوئے

ایک شخص کی سات بیویاں رجسٹرڈ، مردوں نے بھی خواتین کے نام پر پیسے نکلوائے

لاہور (نامہ نگار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی آڈٹ رپورٹ میں بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف کیا گیا ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ آدمی کی 7 بیویاں رجسٹرڈ ہیں اور گریڈ 17 سے 20 کے افسران کا بھی مستفید ہونے کا انکشاف کیا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)


اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار طبی شعبہ سے متعلقہ امور بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح آٹھویں مرتبہ مؤخر

پنجاب رنگ روڈ تھارٹی نے افتتاح کو ٹول لنگ بوتھ سسٹم اور وزن تولنے والے ویٹ اسٹیشنز کی تکمیل سے مشروط کردیا

بانٹھ انٹرچینج سے ٹھلیاں موٹروے لنک تک 3.38 کلومیٹر طویل روٹ مکمل، ٹھلیاں انٹرچینج تاحال زیر تعمیر ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی رنگ روڈ کا افتتاح آٹھویں مرتبہ بھی مؤخر کردیا گیا، 6 نومبر کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز منصوبے کا افتتاح نہیں کریں گی۔ پنجاب رنگ روڈ اتھارٹی نے افتتاح کو ٹول لنگ بوتھ سسٹم اور وزن تولنے والے ویٹ اسٹیشنز کی تکمیل سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

خیبر پختونخوا 20 ہزار گریجویٹس کیلئے انٹرن شپ پروگرام شروع کرنیکا فیصلہ

صنعتوں، سافٹ ویئر ہاؤسز اور کاروباری اداروں میں عملی تربیت فراہم کی جائے گی، ماہانہ 30 ہزار وظیفہ دیا جائے گا

تین ماہ پر مشتمل انٹرن شپ پروگرام کی مجموعی لاگت 2 ارب روپے تجویز کی گئی ہے، مشیر گورنر برائے تعلیم عامر عبداللہ

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کی حکومت نے صوبے میں 20 ہزار گریجویٹس کے لیے انٹرن شپ پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس پروگرام کی مجموعی لاگت دو ارب روپے تجویز کی گئی ہے۔ خیبر پختونخوا انٹرن شپ پروگرام کے خدوخال، تیاریوں اور عملی نفاذ کے طریقہ کار پر گورنر خیبر پختونخوا کے مشیر تعلیم و سماجی بہبود ڈاکٹر عامر عبداللہ کو بریفنگ دی گئی جہاں بتایا گیا کہ تین ماہ پر مشتمل انٹرن شپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)


اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف کشمیر انڈر پاس کا افتتاح کررہے ہیں

وزیراعظم کا پیٹرول ریلیف کی سہولت نہ دینے والے پمپس کے لائسنس منسوخ کرنیکا حکم

ٹیکنالوجی پر مبنی سبسڈی اسکیم مستقبل میں عوامی فلاح و بہبود کے ایسے اقدامات کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی، شہباز شریف

رجسٹریشن اور سبسڈی کے طریقہ کار آسان بنانے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا اور زیادہ مستحق شہری سہولت سے مستفید ہورہے ہیں


وزارت خارجہ کے حکام پاکستان نیوی وار کورس کے افسران کا استقبال کررہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم نے فیول ریلیف پروگرام کی سہولت فراہم نہ کرنے والے پیٹرول پمپس کے لائسنس منسوخ کرنے کا حکم دے دیا اور سبسڈی پر اب تک کی پیشرفت و شفافیت پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت پرائم منسٹر فیول ریلیف پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں پروگرام پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ الحمدللہ، رجسٹریشن اور سبسڈی کے حصول کا طریقہ کار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پاکستان بس ٹریجڈی میں تصادم 11 افراد جاں بحق 33 زخمی

دیالپور روڈ پر 17 ایس پی اسٹاپ کے قریب ملتان سے قصور جانے والی مسافر بس مخالف سمت سے آنے والے ٹرک سے ٹکرا گئی، ہسپتالوں میں اضافی ڈاکٹرز اور طبی عملے کو طلب کرلیا گیا

وزیراعلیٰ مریم نواز نے بس حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو بہترین علاج کی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی

پاکپتن (بیورو رپورٹ) پنجاب کے ضلع پاکپتن میں مسافر اور بس کے درمیان خوفناک تصادم کے باعث 11 افراد جاں بحق جبکہ 33 زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق پاکپتن میں دیالپور روڈ


اسلام آباد، وفاقی وزراء آصن اقبال، عطا تارڑ اور مشیر وزیراعظم سردار یاسر سیاحت بارے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد میں کرائے پر دیے سرکاری گھروں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی، محسن نقوی

پرائیویٹ ہاؤسنگ سوسائٹیز متاثرین کیلئے پلان کی تیاری، تعمیرات کو قانونی دائرے میں لانے کا فارمولا بنایا جارہا ہے

اسلام آباد پانی کے مسئلے کے حل کے لیے شادرہ ڈیم کی تعمیر کا سنگِ بنیاد جلد رکھا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں کرائے پر دیے گئے سرکاری گھروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی رات گئے کشمیر چوک انڈر پاس کا دورہ کیا، محسن نقوی نے کشمیر چوک انڈر پاس پروجیکٹ کے فنشنگ ورک کا معائنہ کیا، اس موقع پے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ پرائیویٹ ہاسنگ سوسائٹیز کے متاثرین کے لیے ریلیف پلان کی تیاری شروع کردی ہے، متاثرین کے گھر بچانے اور تعمیرات کو قانونی دائرے میں لانے کا فارمولا بنایا جارہا ہے، اسلام آباد غیر قانونی ہاسنگ سوسائٹیز کی فائلوں کے جعلی کاروبار کی اب اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں سرکاری ملازمین کو الاٹ کیے گئے 25 ہزار گھروں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی پر دو پولیس اہلکار گرفتار

خاتون پشاور سے اپنے شوہر کے ہمراہ سوات آئی تھی، ذرائع

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور سے سوات آنی والی خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی پر دو پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کے خلاف پولیس اسٹیشن رحیم آباد میں مقدمات درج کرلیے گئے، گرفتار پولیس اہلکاروں میں غضنفر کا تعلق پشاور اور واحد کا تعلق ملاکنڈ سے ہے۔ بعدازاں اپنے ایک بیان میں ترجمان سوات پولیس نے کہا کہ خاتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

خسہ حال بوگیاں، ٹرینیں تاخیر کا شکار، مسافر چھتوں پر سفر کرنے پر مجبور، ریلوے کو ٹھیک کرنے کے دعوے ہوا ہوگئے

211 اپ ناروال پسنجر اور 209 اپ فیض احمد فیض پسنجر کی تاخیر معمول بن گئی، ریک شیئرنگ سسٹم نے بھی مسائل بڑھا دیے

ایک ہی ریک سے متعدد ٹرینیں چلانے کے نظام میں محکمہ ریلوے اور نجی آپریٹرز مطمئن، خمیازہ عام مسافروں کو بھگتنا پڑرہا ہے، ذرائع

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ناروال سیکشن پر ٹرینوں کی مسلسل تاخیر اور پرانی وخستہ حال بوگیوں کے استعمال نے مسافروں کی مشکلات میں اضافہ کردیا۔ لاہور سے ناروال جانے والی صبح اور رات کی ٹرینیں روزانہ دو سے تین گھنٹے تاخیر کا شکار ہونے لگیں، مسافر بروقت منزل پر پہنچنے کے بجائے گھنٹوں انتظار کرنے پر مجبور ہیں جبکہ بعض مسافروں کے مطابق بوگیوں کی گنجائش اور سہولیات کی کمی کے باعث انہیں چھتوں پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ایران کا 6 ہزار کلومیٹر رینج کے بیلسٹک میزائل بنانے کا اعلان

بیلسٹک میزائل امریکی سرزمین تک پہنچنے کے لیے کافی ہونگے، جنرل حیات مقدم

تہران (صباح نیوز) ایران نے 6 ہزار کلومیٹر رینج کے بیلسٹک میزائل بنانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا رینج کو بڑھا کر 15 ہزار کلومیٹر تک بھی لے جایا جاسکتا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیشن کے نائب چیئرمین جنرل حیات مقدم نے بیان میں کہا کہ ایران 6 ہزار کلومیٹر تک مار کرنے والے بین البراعظمی بیلسٹک میزائل بنانے کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی وزارت دفاع اور پاسدارانِ انقلاب مشترکہ طور پر 6 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پی ٹی آئی دور کی 1224 ترقیاتی اسکیموں کی چھان بین شروع

تمام ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ لیا جارہا ہے، فیصلے میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے، ثمر مبارک

پشاور (آئی این پی) خیبر پختونخوا حکومت نے پی ٹی آئی دور حکومت میں منظور کی گئی سالانہ ترقیاتی اسکیموں کی چھان بین شروع کردی۔ سرکاری ذرائع کے مطابق سابق حکومت کے دور میں 1224 نئی ترقیاتی اسکیمیں شامل کی گئی تھیں جن کی مجموعی لاگت کا تخمینہ 1 ہزار 348 ارب روپے تھا جبکہ ان اسکیموں کیلئے رواں مالی سال کے بجٹ میں 107 ارب روپے مختص کیے گئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

سعودیہ اور شام میں دفاعی تعاون کا معاہدہ

عالمی توانائی فراہمی کے تسلسل پر زور

ریاض (آئی این پی) سعودی عرب اور شام نے تناؤ کو کم کرنے، بحرانوں کو قابو میں رکھنے اور اختلافات کو حل کرنے میں بات چیت اور سفارت کاری کو ترجیح دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)


اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن تقریب سے خطاب کررہے ہیں

فضل الرحمن کے رفقا کیخلاف مبینہ ٹیکس چوری کی شکایت جمع

ایف بی آر سے 5 افراد کے اثاثوں، بینک اکاؤنٹس اور ذرائع آمدن کا جائزہ لینے کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) جے یو آئی (ف) کے امیر مولانا فضل الرحمان کے اہلخانہ اور قریبی رفقا کیخلاف مبینہ ٹیکس چوری اور آمدن چھپانے کی شکایت ایف بی آر میں جمع کرادی گئی۔ 5 افراد کے اثاثوں اور مالی معاملات کی تحقیقات کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ شکایت میں جے یو آئی کے ایک سینیٹر، لطف الرحمن، ضیاالرحمن، اسعد محمود اور ابرار احمد کے مالی معاملات کی جانچ پڑتال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

آبنائے ہرمز کی سکیورٹی، جنوبی کوریا کا بھی بحری مشن تعینات کرنے کا فیصلہ

سیئول (آئی این پی) جنوبی کوریا نے آبنائے ہرمز کے قریب سمندری راستے کو کھلا اور محفوظ رکھنے کی کوششوں میں مدد کیلئے بحری نگرانی کے طیارے اور دھماکا خیز مواد ناکارہ بنانے والی ٹیم تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

ٹرمپ کے مواخذے کیلئے ڈیموکریٹس کو مزید 13 سینیٹرز کی حمایت درکار

امریکی آئینی نظام کے تحت سینیٹ میں سادہ اکثریت حاصل کرنا صدر کو عہدے سے ہٹانے کے لیے کافی نہیں

مواخذے کی کارروائی میں تمام سینیٹرز ووٹ ڈالیں تو ٹرمپ کو عہدے سے ہٹانے کے لیے کم از کم 67 ووٹ درکار ہوں گے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مواخذے اور انہیں عہدے سے ہٹانے کے لیے ڈیموکریٹک پارٹی کو سینیٹ میں مزید 13 ارکان کی حمایت حاصل کرنا ہوگی۔ موجودہ اعداد و شمار کے مطابق ڈیموکریٹس کے پاس 54 نشستیں ہیں، تاہم صدر کو عہدے سے ہٹانے کے لیے سینیٹ میں دو تہائی اکثریت درکار ہوتی ہے۔ امریکی سینیٹ 100 ارکان پر مشتمل ہے۔ اگر مواخذے کی کارروائی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)


سنگاپور، ہائی مشنر رابعہ شفیق کے ہمراہ پاکستانی انشورنس کمپنیوں کے حکام کا گروپ فوٹو

آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکرز اور ایک ٹگ بوٹ میں آگ لگ گئی

ٹینکر گزرگاہ سے نکلنے کی کوشش کے دوران بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا

تہران (آئی این پی) پاسدارانِ انقلاب کے مطابق آبنائے ہرمز میں غیر مجاز راستوں سے گزرنے کی کوشش کے دوران دو آئل ٹینکرز اور ایک ٹگ بوٹ میں الگ الگ واقعات میں آگ لگی۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کا کہنا ہے کہ ایک آئل ٹینکر آبنائے ہرمز کے جنوب میں گزرگاہ سے نکلنے کی کوشش کے دوران بارودی سرنگ سے ٹکرا گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

کویت میں بلند عمارت سے گرنے سے پاکستانی شہری زخمی

کویت سٹی (آئی این پی) کویت میں ایک بلند عمارت سے گرنے کے نتیجے میں پاکستانی شہری شدید زخمی ہوگیا۔ کویتی میڈیا کے مطابق حادثہ رمیثیہ کے علاقے میں پیش آیا۔ کویتی حکام کے مطابق زخمی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)


لاہور، چیئرمین سینیٹ سید یوسف گیلانی شہید میجر جنرل راشد محمود کے گھر دعا کررہے ہیں

پاکستان نیوی وار کورس کے وفد کا وزارتِ خارجہ کا دورہ

پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات، اہم علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت میں بریفنگ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نیوی وار کورس کے ایک وفد نے، جس میں تقریباً 150 شرکاء شامل تھے جن میں پاکستانی افسران، دوست ممالک کے افسران اور فیکلٹی ممبران شامل ہیں، آج وزارتِ خارجہ کا دورہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے وفد کو وزارتِ خارجہ کے پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ترجیحات، دوطرفہ شراکت داریوں کو مضبوط بنانے، اور اہم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

لیوی پر مذاکرات کو کامیاب کرانا وزیراعظم کی ذمہ داری ہے، لیاقت بلوچ

عوام کو ریلیف نہ دیا گیا تو جماعت اسلامی لانگ مارچ کا حق رکھتی ہے، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان کی لیوی پر اجلاس کے بعد صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی پر بات چیت آخری مرحلے میں ہے، مذاکرات کو کامیاب بنانا وزیراعظم شہباز شریف کی ذمہ داری ہے۔ جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کو ریلیف دلانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی پر دو پولیس اہلکار گرفتار

خاتون پشاور سے اپنے شوہر کے ہمراہ سوات آئی تھی، ذرائع

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور سے سوات آنی والی خاتون کے ساتھ مبینہ زیادتی پر دو پولیس اہلکاروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ ذرائع نے کہا کہ پولیس اہلکاروں کے خلاف پولیس اسٹیشن رحیم آباد میں مقدمات درج کرلیے گئے، گرفتار پولیس اہلکاروں میں غضنفر کا تعلق پشاور اور واحد کا تعلق ملاکنڈ سے ہے۔ بعدازاں اپنے ایک بیان میں ترجمان سوات پولیس نے کہا کہ خاتون (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)


نارووال، مسافر ٹرین کی چھت پر سوار جبکہ بوگی کے اندر کی صورتحال بھی ناگفتہ بہ

اسحاق ڈار سے برطانوی وزیر مملکت برائے سلامتی کی ملاقات

تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے برطانیہ کے وزیر مملکت برائے سلامتی ڈین جارووس نے اسلام آباد میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف شعبوں میں تعاون مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان کے مطابق ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

چین اور کویت کی 3.4 ارب ڈالر قرض رول اوور کی یقین دہانی

چین سے 4 ارب ڈالر اور کویت سے 30 کروڑ ڈالر قرض رول اوور کرایا جائیگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان کو سعودی عرب کے بعد چین اور کویت نے بھی 4.3 ارب ڈالر قرض رول اوور کی یقین دہانی کرادی۔ ذرائع کے مطابق چین سے 4 ارب ڈالر اور کویت سے 30 کروڑ ڈالر قرض رول اوور کرایا جائے گا، سعودی عرب، چین اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

امریکہ کا مشرق وسطیٰ میں اینٹی ڈرون سسٹم نصب کرنے کا اعلان

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے مشرق وسطیٰ میں 25 ہزار سے زائد ڈرون اور اینٹی ڈرون سسٹم نصب کرنے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی محکمہ جنگ کا کہنا ہے کہ امریکی سینٹرل کمانڈ کو 78 کروڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

گیس کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کا مطالبہ

لاہور (آئی این پی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں گیس کی بندش اور لو پریشر کی شکایات میں اضافہ ہوگیا، جس کے باعث شہریوں کو روزمرہ امور خصوصاً (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

فضل الرحمان نے ہم سے کبھی گورنر شپ یا کسی چیز کا تقاضا نہیں، رانا ثناء

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان نے ہم سے کبھی گورنر شپ یا کسی چیز کا تقاضا نہیں کیا۔ ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن شیڈول اور کمیشن کا آرڈر بائیکورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے انتخابی شیڈول اور الیکشن کمیشن کا 21 اکتوبر کا آرڈر اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ الیکشن کمیشن نے 21 اکتوبر کو اسلام آباد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

گورنر کے پی فیصل کنڈی کو وزیراعلیٰ کے اختیارات تفویض

انتظامی اقدامات سے متعلق ماہانہ رپورٹ وفاقی حکومت کو پیش کرنے کے پابند ہونگے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کو وزیراعلیٰ کے اختیارات تفویض دیے گئے، وفاقی حکومت کا نوٹیفکیشن جاری، تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)


چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو اور وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو یونیورسٹی آف لاڑکانہ کے افتتاح کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

پولیو سے پاک پاکستان کا حصول چیلنج ہے، وزیراعظم

پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پولیو سے پاک پاکستان کا حصول ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم ہمارا عزم اور حوصلہ اس چیلنج سے کہیں زیادہ مضبوط ہے، صوبوں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ قریبی مشاورت اور مشترکہ حکمتِ عملی کے ذریعے پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنانا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت انسداد پولیو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF HOUSING & WORKS
FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY

CORRIGENDUM

INVITATION OF PROPOSALS REGARDING PROVISION OF MEDICINES TO EMPLOYEES OF FEDERAL GOVERNMENT EMPLOYEES HOUSING AUTHORITY AND THEIR DEPENDENTS, ISLAMABAD

Reference advertisement published in the daily newspapers (The Nation on 22-10-2026)

(The Daily Jang on 23-10-2026) and (Daily Shehar Nama on 23-10-2026) vide PID(i)3662/26 regarding tender No. TS0000016692E, proposals were sought to be submitted within 15 days. However, the closing time and date on PPRA website and E-PADs version 1.0 were mentioned as 12:00 PM dated 10-11-2026. While the opening of the bids was mentioned at 12:30 PM on the same day. It is therefore informed that Last

time and date for submission of proposals is to be read as 12:00 PM 10-11-2026 to address the discrepancies occurred inadvertently.

The technical proposal / bid will be opened at 12:30 PM on the same day.

Corrigendum is also available on PPRA website: www.ppra.org.pk e-pads: www.eprocure.gov.pk

ASSISTANT DIRECTOR (HR-III)
Ph. No. 9106032, www.fgeha.gov.pk
PID(I)4211/26

سینیٹ کا دوبارہ دوست قانون سازی کیلئے کردار جاری رکھے گی، چیئرمین گیلانی

لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران اور اراکین سے خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے مستقل، قابلِ پیش گوئی اور کاروبار دوست پالیسیوں، ادارہ جاتی ہم آہنگی اور پارلیمان و کاروباری برادری کے درمیان مسلسل روابط کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (LCCI) کے نومنتخب عہدیداران اور اراکین سے خطاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

پولیو مہم جاری، ایک کروڑ بچوں کو قطرے پلائے گئے

ملک بھر میں تقریباً 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر

اسلام آباد (آئی این پی) ملک بھر کے 97 منتخب اضلاع میں جاری انسداد پولیو مہم کے پہلے تین روز کے دوران ایک کروڑ 96 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلا دیئے گئے، نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (نیشنل ای او سی) کے مطابق انسداد پولیو مہم کا چوتھا روز جاری ہے، جبکہ مہم 8 نومبر تک جاری رہے گی، اس مہم کے دوران ملک بھر میں تقریباً 2 کروڑ 40 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

پی ٹی آئی والے پہلے بھی غلط تھے آج بھی غلط ہیں، رانا ثناء

عمران خان کے علاج کے حوالے سے قطعی طور پر کوئی کوتاہی نہیں ہورہی

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے کہتے تھے کہ ٹرمپ جب آئے گا تو لگ پتا جائے گا، آج وہی لوگ کہہ رہے کہ ٹرمپ ہار تو حکومت کو نقصان ہوگا، پی ٹی آئی والے پہلے بھی غلط تھے آج بھی غلط ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ٹرمپ کی شکست پاکستان کیلئے نہ اچھی نہ بری خبر ہے، پاکستان کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

پاک، چین اعتماد اور دوستی کی حفاظت دونوں ممالک کی مشترکہ ذمہ داری

چین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے بین الاقوامی محکمے (آئی ڈی سی پی سی) کے وزیر لیو ہائی شینگ نے وفد کے ہمراہ وزیراعظم شہباز شریف، نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور چیف آف آرمی سٹاف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ اِن ملاقاتوں میں دونوں ممالک کے درمیان ہر موسم میں آزمودہ تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعظم سے ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور دوطرفہ وکثیرالجہتی فورموں پر قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ وزیراعظم نے چین کے وفد کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور چین کی آہنی دوستی باہمی اعتماد، احترام اور دونوں ممالک کے عوام کے درمیان گہرے روابط پر استوار ہے اور یہ تاریخی اور آزمودہ تعلقات ہر آزمائش پر پورے اُترے ہیں۔ اُنہوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مسلسل سیاسی روابط اور دونوں ممالک کی سیاسی جماعتوں کے درمیان وفود کے تبادلوں کی اہمیت پر زور دیا اور سیاسی قیادت کے درمیان ادارہ جاتی روابط کے فروغ میں چینی کمیونسٹ پارٹی کے بین الاقوامی محکمے کے کردار کو سراہا۔ اُنہوں نے تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی روابط، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور زرعی شعبے میں جدت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے دونوں ممالک کی مشترکہ خواہش کو بھی سراہا۔ لیو ہائی شینگ نے چین کی قیادت کی جانب سے وزیراعظم کے لئے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا اور دیرینہ دوستی کو مزید گہرا کرنے کے چین کے عزم کا اعادہ کیا۔ اُنہوں نے اعلیٰ سطح کے روابط اور سیاسی جماعتوں کے مابین تبادلۂ خیال میں ہونے والی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ جنرل ہیڈکوارٹر (جی ایچ کیو) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی اور عالمی سلامتی کی بدلتی صورتحال اور دونوں ممالک کے درمیان تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے پر غور کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق دونوں شخصیات نے تاریخی اور آزمودہ تزویراتی شراکت داری کو مستحکم کرنے، اعلیٰ سطح کے مسلسل روابط اور ادارہ جاتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا اور باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات وقت کی ہر کسوٹی پر پورے اُترے ہیں جبکہ مہمان وزیر نے علاقائی امن اور استحکام کے فروغ کے لئے پاکستان کی خدمات کا اعتراف کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات میں لیو ہائی شینگ نے چین کے وزیر خارجہ وانگ ای کی جانب سے نیک تمناؤں کا پیغام پہنچایا جس کا گرمجوشی سے جواب دیتے ہوئے پاکستانی قیادت کی طرف سے چین کے صدر شی جن پنگ کے لئے بھی نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے چین کے ساتھ ہر آزمائش پر پورا اترنے والی تزویراتی شراکت داری کو مزید فروغ دینے کے مستقل عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ثقافتی روابط کو وسعت دینے، عوامی سطح پر تبادلوں کو فروغ دینے، دوطرفہ تعلقات میں مثبت پیش رفت آگے بڑھانے اور باہمی رابطوں وقریبی ہم آہنگی کو برقرار رکھنے کے طریقوں پر بھی بات چیت کی۔

پاک چین تعلقات گزشتہ 75 برس سے باہمی اعتماد، احترام اور مشترکہ مفادات کی بنیاد پر استوار ہیں۔ دونوں ممالک کی دوستی محض سفارتی اور دفاعی تعاون تک محدود نہیں بلکہ وقت کے ساتھ معاشی شراکت داری کی مضبوط شکل بھی اختیار کر چکی ہے۔ اِس تعاون کا سب سے نمایاں مظہر چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) ہے جس کے پہلے مرحلے میں چین نے پاکستان میں کم وبیش 25 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی اور 40 سے زائد منصوبے مکمل کیے جبکہ قومی بجلی کے نظام میں قریباً نو ہزار میگاواٹ بجلی شامل کرنے میں مدد کی۔ اِسی طرح کراچی سے لاہور تک بجلی کی ترسیل کے لئے ٹیاری، لاہور ہائی وولٹیج ڈائریکٹ کرنٹ ٹرانسمیشن لائن اور مواصلاتی شعبے میں مختلف شاہراہوں کی تعمیر نے توانائی اور رابطوں کے نظام کو بہتر بنانے میں کردار ادا کیا۔ گوادر میں ایسٹ بے ایکسپریس وے، پاک چین فرینڈشپ ہسپتال، نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، تکنیکی و پیشہ ورانہ تربیتی ادارہ اور سمندری پانی کو قابلِ استعمال بنانے کا پلانٹ بھی مکمل کیے گئے ہیں۔ اب سی پیک کے دوسرے مرحلے میں توجہ صنعتی تعاون، خصوصی اقتصادی زونز، زراعت، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور کاروباری شراکت داری پر مرکوز ہے۔ رشکئی اور بوستان خصوصی اقتصادی زونز کے پہلے مراحل فعال ہو چکے ہیں، جبکہ علامہ اقبال انڈسٹریل سٹی اور دھابیجی اقتصادی زون کی ترقی پر کام جاری ہے۔ زراعت کے شعبے میں ایک ہزار پاکستانی زرعی ماہرین کی چین میں جدید ٹیکنالوجی کی تربیت بھی اِس تعاون کا اہم حصہ ہے۔ مئی 2026ء میں دونوں ممالک نے تجارت، سرمایہ کاری، زرعی ترقی، سائنس وٹیکنالوجی، تعلیم اور موسمیاتی تبدیلی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے تھے۔ اِس کے ساتھ قراقرم ہائی وے کے تھاکوٹ، رائیکوٹ حصے کی بہتری اور گوادر کو علاقائی تجارتی مرکز بنانے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ یوں پاک چین معاشی شراکت داری کا اگلا مرحلہ محض بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نہیں بلکہ پاکستان کی صنعتی پیداوار، برآمدات، زرعی استعداد اور معاشی خودانحصاری میں اضافے کا ذریعہ بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

پاکستان اور چین کی دوستی محض دوممالک کے سفارتی تعلقات کا نام نہیں بلکہ باہمی اعتماد، اخلاص اور آزمودہ تعاون کی ایسی مثال ہے جو وقت کی ہر کسوٹی پر پوری اُتری ہے۔ اس لازوال دوستی میں مختلف ادوار کے دوران کٹھن مراحل بھی آئے، بعض عناصر نے غلط فہمیاں پیدا کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان فاصلے بڑھانے کی کوششیں بھی کیں تاہم تاریخ گواہ ہے کہ ایسے حالات نے اِس شراکت داری کو کمزور کرنے کے بجائے مزید مضبوط بنایا۔ اگر نیت صاف، اعتماد قائم اور مسائل حل کرنے کا عزم موجود ہو تو اختلافات دور ہو جاتے ہیں اور قومیں نئے چیلنجوں سے نبٹنے کے لئے آگے بڑھتی ہیں۔ چین پاکستان کا ایک قابلِ اعتماد دوست اور معاشی وتزویراتی شراکت دار ہے اِس لئے اس اعتماد اور دوستی کی حفاظت دونوں ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بدلتے عالمی حالات اور علاقائی چیلنجوں کے تناظر میں پاک چین تعاون کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔

افغان طالبان حکومت بھارتی پراکسی!



امتیاز احمد عباسی

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کی بات نہ مانی تو اُسے بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے جبکہ افغان طالبان حکومت بھارتی پراکسی کے طور پر کام کر رہی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) دونوں پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسیاں ہیں۔ پاکستان کا افغان طالبان سے واضح مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی حمایت بند کرے۔ عالمی خبر رساں ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں جنرل چوہدری نے مزید کہا کہ افغان طالبان اپنے مقاصد کے حصول کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کر رہے ہیں، وہاں اب بھی غیر ریاستی عناصر کا اثرورسوخ موجود ہے، افغانستان میں ماضی میں روسی مداخلت کے بعد متعدد خفیہ ایجنسیوں اور پراکسی تنظیموں نے اپنی جڑیں مضبوط کر رکھی ہیں۔ جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں موجود ہیں اور اِس کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکہ سمیت کئی ممالک کر چکے ہیں۔ اُنہوں نے الزام عائد کیا کہ افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور اُنہیں وہیں سے اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے پاکستان کا افغان طالبان سے مطالبہ انتہائی سادہ اور واضح ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکیں اور دہشت گرد عناصر کی سرپرستی بند کریں، وہ اگر اِن تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں لیتے اور دہشت گردی کے خلاف مطلوبہ اقدامات نہیں کرتے تو اِس کے سنگین نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ بھی کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے، عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ افغان رجیم کو ایک معمول کی ریاست کی طرح ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنے پر مجبور کرے، افغان طالبان پر دباؤ ڈالے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار کا سلسلہ بھی بند کریں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری افواج افغانستان کی طرف سے لاحق ڈرون حملوں سمیت تمام ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے اور اُن کا مؤثر سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے اٹلانٹا میں جی ٹوئنٹی وزرائے خارجہ اجلاس کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے اتوار کو کہا تھا کہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں پر پاکستان تشویش کا اظہار کر رہا ہے، امریکہ نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ افغانستان کیساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کیلئے امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا پاکستان خیرمقدم کرے گا۔ ترجمان کے مطابق بامعنی مذاکرات کے لیے ضروری ہے کہ افغان طالبان حکام اِس بات کا واضح عزم کریں کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کیخلاف ٹھوس کارروائیاں کریں گے۔ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف طالبان رجیم کو قابلِ تصدیق کارروائی کرنا ہوگی، پاکستان تعمیری روابط کیلئے بدستور تیار ہے تاہم اِن روابط کے نتیجے میں جائز سکیورٹی خدشات دور کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس پیشرفت ہونا ضروری ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز (پکس) کی سالانہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی تعداد 2024ء میں 908 تھی جن میں 1,177 افراد جاں بحق اور 1,292 زخمی ہوئے جبکہ 2025ء میں یہ تعداد بڑھ کر 1,066 ہو گئی یعنی ان میں قریباً 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی عرصے کے دوران مجموعی پُرتشدد واقعات میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 2024ء کے 1,950 سے بڑھ کر 2025ء میں 3,413 ہو گئی جو کم وبیش 75 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ اِن واقعات میں سکیورٹی اہلکاروں کی ہلاکتیں 528 سے بڑھ کر 667، عام شہریوں کی ہلاکتیں 468 سے بڑھ کر 580 اور دہشت گردوں کی ہلاکتیں 951 سے بڑھ کر 2,138 ہو گئیں جبکہ زخمیوں کی مجموعی تعداد بھی 1,478 سے بڑھ کر 2,270 ریکارڈ کی گئی۔ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے حوالے سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم نے فروری 2025ء کی رپورٹ میں بتایا تھا کہ جولائی سے دسمبر 2024ء کے دوران تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) نے 600 سے زائد حملے کیے جن میں افغان سرزمین سے کیے جانے والے حملے بھی شامل تھے۔ رپورٹ میں افغانستان میں ٹی ٹی پی کی موجودگی کے علاوہ اُسے حاصل لاجسٹک اور عملی معاونت کا بھی ذکر کیا گیا تھا۔ دسمبر 2025ء میں جاری ہونے والی اقوام متحدہ کی سولھویں مانیٹرنگ رپورٹ میں بھی افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کو علاقائی سلامتی کے لیے تشویشناک قرار دیا گیا تھا۔ پاکستان کی وزارتِ خارجہ کی جانب سے 28 دسمبر 2025ء کو اقوامِ متحدہ کے سامنے پیش کیے گئے اعداد وشمار کے مطابق افغانستان سے منسلک دہشت گردی کے نتیجے میں 2025ء کے دوران 387 پاکستانی شہری شہید اور 728 زخمی ہوئے۔ گزشتہ اور رواں سال دہشت گردی کے واقعات میں اضافے کے باعث خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی مبینہ سہولت کاری اور صوبائی حکومت کی پالیسی پر بحث شدید ہوتی چلی گئی۔

ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور بھارتی پراکسی جنگ: افواجِ پاکستان کا آہنی عزم



منظر نقوی

پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے بھارت کی مبینہ پراکسی جنگ، افغان سرزمین سے دہشت گردوں کی سرگرمیاں اور مسلسل تخریبی کارروائیاں قومی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ؛ افواجِ پاکستان کی قربانیاں اور دفاعی صلاحیتیں دشمن کے عزائم کے سامنے مضبوط دیوار ہیں۔

پاکستان کو درپیش دہشت گردی کا چیلنج محض داخلی امن و امان کا مسئلہ نہیں بلکہ قومی سلامتی، خودمختاری اور معاشی استحکام کے خلاف ایک منظم خطرہ بن چکا ہے۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کی دہشت گردانہ کارروائیوں کے پس منظر میں بھارتی کردار کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف واضح اور دوٹوک ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق نئی دہلی ان تنظیموں کو پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ یہ الزامات معمولی نوعیت کے نہیں بلکہ خطے میں دہشت گردی اور بیرونی مداخلت کے سنگین مسئلے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے یکم نومبر 2026ء کو سامنے آنے والے اپنے انٹرویو میں بھارت کو پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست قرار دیتے ہوئے واضح طور پر کہا کہ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھارتی پراکسی تنظیمیں ہیں، جبکہ افغان طالبان انتظامیہ بھی اس سلسلے میں کردار ادا کر رہی ہے۔ پاکستان کی عسکری قیادت کا یہ مؤقف ان خطرات کی سنگینی کو نمایاں کرتا ہے جن کا ملک کو سامنا ہے۔

Pakistan Broadcasting Corporation+1

پاکستان نومبر 2020ء میں بھی بھارتی معاونت سے متعلق ایک تفصیلی ڈوزیئر عالمی برادری کے سامنے پیش کر چکا ہے، جس میں دہشت گرد تنظیموں کی مالی اور مادی معاونت کے شواہد فراہم کرنے کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ بھارت ان الزامات کو مسترد کرتا ہے، لیکن پاکستان کے بار بار سامنے آنے والے تحفظات غیر جانبدارانہ بین الاقوامی جانچ اور مؤثر سفارتی جواب دہی کے متقاضی ہیں۔

Pakistan Industries Division+1

ٹی ٹی پی نے مذہب کے نام پر بے گناہ شہریوں، سیکیورٹی اہلکاروں، تعلیمی اداروں اور عبادت گاہوں کو نشانہ بنایا، جبکہ بی ایل اے نے بلوچستان میں دہشت گردی، عوامی تعصبات پر حملوں اور ترقیاتی سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کے ذریعے صوبے کو شدید نقصان پہنچایا۔ دونوں تنظیموں کا تشدد پاکستان کی سلامتی کے لیے ناقابلِ قبول ہے۔ کسی سیاسی یا نظریاتی مؤقف کو معصوم انسانوں کے قتل کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ افغانستان کی صورتحال بھی تشویشناک ہے۔ پاکستان کے مطابق ٹی ٹی پی اور دیگر دہشت گرد عناصر افغان سرزمین پر موجود محفوظ ٹھکانوں سے پاکستانی علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہیں۔ کابل انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان ٹھکانوں کا خاتمہ کرے اور اپنی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہونے سے روکے۔ پاکستان اور افغانستان کے عوام کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو دہشت گرد تنظیموں کی سرگرمیوں سے نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔ ان سنگین چیلنجز کے باوجود پاکستان کی مسلح افواج غیر معمولی جرأت، استقامت اور پیشہ ورانہ مہارت سے دشمن کے عزائم ناکام بنا رہی ہیں۔ آپریشن ضربِ عضب اور ردالفساد سے لے کر موجودہ انٹیلی جنس بنیادوں پر کارروائیوں تک، پاک فوج نے دہشت گردوں کے نیٹ ورکس کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ شمالی وجنوبی وزیرستان، خیبر، باجوڑ اور بلوچستان میں افسران اور جوانوں کی قربانیاں قومی دفاع کی روشن مثال ہیں۔ افواجِ پاکستان کے شہداء پوری قوم کا فخر ہیں۔ ان کی قربانیوں کی بدولت ملک میں دہشت گردوں کے خلاف مزاحمت جاری ہے۔ تاہم مستقل کامیابی کے لیے جدید سرحدی نگرانی، مؤثر انٹیلی جنس تعاون، دہشت گردوں کی مالی معاونت کی روک تھام اور سول اداروں کی صلاحیت میں اضافہ ضروری ہے۔ پاکستان کو سفارتی محاذ پر بھی بھارتی مداخلت سے متعلق اپنے مؤقف اور شواہد عالمی اداروں کے سامنے پوری قوت سے پیش کرنے چاہئیں۔ عالمی برادری کو دہشت گردی کے مسئلے پر یکساں اصول اختیار کرتے ہوئے کسی بھی ریاست کی جانب سے مسلح تنظیموں کی معاونت کی آزادانہ تحقیقات یقینی بنانی چاہئیں۔ پاکستان کی خودمختاری اور قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا۔ ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کی دہشت گردی کا خاتمہ، ان کے بیرونی معاونین کی جواب دہی اور مغربی سرحد پر پائیدار امن قومی ترجیحات ہونی چاہئیں۔ بھارت کو بھی سمجھنا چاہیے کہ پراکسی تنظیموں کے ذریعے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی کسی کوشش کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ پاکستان کی بہادر مسلح افواج ملک کی دفاعی ڈھال ہیں۔ ان کی قربانیاں، پیشہ ورانہ صلاحیت اور غیر متزلزل عزم اس بات کی ضمانت ہیں کہ قوم دہشت گردی کے سامنے سرنگوں نہیں ہوگی۔ دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن کامیابی ہی پاکستان کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی بنیاد بنے گی۔

یومِ شہداءِ جموں: جب کشمیریوں نے پاکستان کے لیے جانیں قربان کیں



عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

چھ نومبر کو آزاد کشمیر، پاکستان، مقبوضہ جموں و کشمیر اور یورپ و امریکہ میں مقیم تارکین وطن کی جانب سے یومِ شہدائے جموں یا جموں کے شہداء کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ یہ دن نومبر 1947 کے پہلے ہفتے کے دوران کشمیری مسلمانوں کے بڑے پیمانے پر قتل عام کی یاد مناتا ہے اور پاکستان میں شامل ہونے کی ان کی تاریخی امنگوں کی علامت ہے۔ اگست 1947 میں برطانوی راج کے خاتمے کے بعد دوقومی نظریے کے تحت برصغیر کو بھارت اور پاکستان میں تقسیم کر دیا گیا تھا۔ شاہی ریاستیں جغرافیائی روابط اور اپنی آبادی کی خواہشات کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی ملک سے الحاق کر سکتی تھیں۔ جموں وکشمیر کی مسلم آبادی اسی فیصد سے زیادہ تھی، جس کے پاکستان اور پنجاب کے ساتھ مضبوط اقتصادی، جغرافیائی اور ثقافتی تعلقات تھے۔ 19 جولائی 1947 کو آل جموں اینڈ کشمیر مسلم کانفرنس نے پاکستان سے الحاق کی حمایت میں ایک قرارداد منظور کی۔ تاہم، مہاراجہ ہری سنگھ نے اس مطالبے کی مخالفت کی اور اپنی آزادی برقرار رکھنے کی کوشش کی۔ اس کی افواج نے پونچھ میں مزاحمت کو کچل دیا، مسلم فوجیوں کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کیا اور مبینہ طور پر پنجاب سے لائے گئے آر ایس ایس کے اراکین سمیت ہندو اور سکھ انتہا پسندوں کو مسلح کیا۔ اکتوبر کے آخر اور نومبر کے شروع میں ڈوگرہ افواج، آر ایس ایس کے گروہوں اور دیگر مسلح دھڑوں نے جموں شہر، کٹھوعہ، ادھم پور، ریاسی اور سانبہ میں مسلمانوں کو نشانہ بنایا۔ حفاظت کی یقین دہانیوں کے تحت مسلمانوں سے ہتھیار چھین لیے گئے، جبکہ ان کے محلوں کو محاصرے، خوراک کی قلت، مساجد پر حملوں اور خواتین کی ہراساں کیے جانے کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کے بعد حکام نے مسلم خاندانوں کو پاکستان جانے کے لیے محفوظ راستہ دینے کا وعدہ کیا اور انہیں سیالکوٹ پہنچانے کے لیے بسیں اور ٹرکوں کا انتظام کیا۔ ہزاروں افراد جموں پولیس لائنز میں جمع ہوئے، جن میں خواتین، بچے، بوڑھے اور شیر خوار شامل تھے، یہ یقین رکھتے ہوئے کہ وہ بحفاظت پہنچ جائیں گے۔ چھ نومبر کو تقریباً ستر ٹرکوں کے قافلے روانہ ہوئے، جو خاندانوں اور ان کا سامان لے کر جا رہے تھے۔ سیالکوٹ کا براہ راست راستہ اختیار کرنے کے بجائے، ٹرکوں کو سانبہ کے قریب غیر آباد علاقوں کی طرف موڑ دیا گیا۔ ڈوگرہ فوجی جان بوجھ کر پیچھے ہٹ گئے جبکہ جنگلوں میں مسلح آر ایس ایس کے گروہ انتظار کر رہے تھے، انہوں نے گاڑیوں کو گھیرے میں لے لیا اور مردوں، خواتین اور بچوں سمیت مسافروں کا قتل عام کیا۔ یہ تشدد تین سے چار دن تک جاری رہا، جبکہ مسلمانوں کو ان کے گھروں اور محلوں میں بھی قتل کیا گیا، جن میں تالاب خطیکاں، استاد محلہ اور محلہ دلپاتیاں شامل ہیں۔ پانی کی فراہمی بند کر دی گئی اور مسلح گشت کرنے والوں نے مبینہ طور پر ان مسلمانوں کو گولی مار دی جو باہر نکلے۔

برطانوی مبصرین اور تاریخی شخصیات، بشمول ہوریس الیگزینڈر، مہاتما گاندھی اور آئین اسٹیفنس نے قتل عام پر تبصرہ کیا، جبکہ مورخین السٹیئر لیمب اور الیاس چٹھہ نے تشدد اور بے دخلی کا جائزہ لیا۔ اسٹیفنس نے بتایا کہ دو لاکھ مسلمان مارے گئے، جبکہ چٹھہ کی پارٹیشن اینڈ لوکلٹی میں کی گئی تحقیق میں دو لاکھ سے ڈھائی لاکھ اموات کے تخمینے پر بحث کی گئی ہے؛ کچھ تخمینے اس سے بھی زیادہ ہیں۔ مبینہ طور پر پانچ لاکھ سے زائد زندہ بچ جانے والے بے گھر ہو گئے اور پاکستانی شہروں اور اضلاع کی طرف ہجرت کر گئے، جن میں سیالکوٹ، نارووال، گجرات، جہلم اور راولپنڈی شامل ہیں، جو اکثر بغیر خوراک یا گرم کپڑوں کے پہنچے۔ قتل عام اور بے دخلی نے جموں کے ڈیموگرافکس کو یکسر بدل دیا۔ تقسیم سے پہلے مسلمان جموں صوبے کی آبادی کا تقریباً اکسٹھ فیصد اور جموں شہر کی آبادی کا پینتالیس فیصد تھے، لیکن تشدد کے بعد بہت سے علاقوں میں ان کا حصہ دس فیصد سے کم رہ گیا۔ مسلمانوں کے گھر اور دکانیں لوٹ لی گئیں، ان پر قبضہ کر لیا گیا یا انہیں جلا دیا گیا اور بہت سی بستیاں خالی ہو گئیں۔ یہ واقعات خطے کے آبادیاتی توازن کو بگاڑنے اور جموں پر بھارت کے کنٹرول کو مضبوط کرنے کی ایک ارادی کوشش ہیں۔ مہاجرین نے اپنی یادیں بعد کی نسلوں تک پہنچائیں، جس سے چھ نومبر کشمیریوں کے لیے اہم رہا۔ یہ دن کشمیریوں اور پاکستان کے درمیان اس پائیدار رشتے کی بھی علامت ہے، جو ان لوگوں کی قربانیوں میں جڑا ہوا ہے جنہوں نے خطرات کے باوجود پاکستان سے الحاق کی حمایت کی۔ پاکستان کے عوام نے مہاجرین کو اپنے گھروں میں خوش آمدید کہا، جبکہ حکومت نے کیمپ قائم کیے اور خوراک و رہائش فراہم کی۔ تاریخ ان پاکستانی قبائلیوں اور فوجیوں کی قربانیوں کی بھی یاد دلاتی ہے جو 1947 میں کشمیر میں داخل ہوئے۔ 1948 کی جنگ میں پاک فوج کا کردار، 1965 اور 1971 کی جنگیں اور 1999 کا کارگل تنازع بھی سب کے سامنے ہے۔ پاکستانی فوجی لائن آف کنٹرول کے ساتھ خدمات انجام دینا جاری رکھے ہوئے ہیں، جہاں انہیں مسلسل خطرات کا سامنا ہے، جبکہ ان کے اہل خانہ فوجی نقصانات کے نتائج برداشت کرتے ہیں۔ پاکستان کی آبادی نے بھی جنگوں، پابندیوں اور معاشی مشکلات کا سامنا کیا ہے، جو اس نظریے کو تقویت دیتا ہے کہ ملک کی کشمیر کے ساتھ وابستگی سیاسی مفادات سے بالاتر ہے۔

پاکستان اور کشمیریوں کے درمیان محبت کا رشتہ قربانیاں دینے اور خون بہانے سے مضبوط ہوتا ہے۔ یہ قدرت کا ایک اصول ہے۔ آپ کسی مقصد کے لیے جتنی زیادہ قربانیاں دیتے ہیں، آپ کی وابستگی اتنی ہی گہری ہوتی جاتی ہے۔ جموں کے شہداء نے 1947 میں اپنا خون دیا۔ مقبوضہ جموں وکشمیر کے شہداء 1989 سے اپنا خون دے رہے ہیں۔ پچھلی تین دہائیوں میں ایک لاکھ سے زیادہ کشمیری شہید ہو چکے ہیں۔ پاکستان کے فوجیوں نے ہر سرحد پر خون دیا ہے۔ اس مشترکہ شہادت نے ایک اٹوٹ رشتہ پیدا کر دیا ہے۔ یہ جموں کی مٹی میں لکھا ہوا ہے۔ یہ چناب کے پانیوں میں لکھا ہوا ہے۔ یہ سیالکوٹ کے مہاجرین کے کیمپوں میں درج ہے۔

اب اگر کچھ احمق یہ سوچتے ہیں کہ وہ اس رشتے کو توڑ سکتے ہیں تو وہ خوابوں کی دنیا میں زندگی گزار رہے ہیں۔ وہ کشمیر کی تاریخ سے ناواقف ہیں۔ وہ اس رشتے کی حقیقت کو نہیں جانتے۔ وہ یہ سوچتے ہیں کہ دیواریں اور باڑیں لگا کر وہ کشمیریوں کو پاکستانیوں سے الگ کر سکتے ہیں۔ وہ یہ سوچتے ہیں کہ ڈومیسائل کے قوانین بدل کر وہ کشمیریوں کے دل بدل سکتے ہیں۔ وہ یہ سوچتے ہیں کہ آرٹیکل 370 کو منسوخ کر کے وہ پاکستان کی محبت کو ختم کر سکتے ہیں۔ وہ بالکل غلط ہیں۔ آپ کاغذ پر قوانین بدل سکتے ہیں۔ آپ رگوں میں دوڑتا ہوا خون نہیں بدل سکتے۔ آپ دلوں میں موجود ایمان کو نہیں بدل سکتے۔ نئے ڈومیسائل سرٹیفکیٹ ڈھائی لاکھ شہداء کے خون کو نہیں مٹا سکتے۔ نئے نقشے پاکستان کی محبت کو زائل نہیں کر سکتے۔

کوئی بھی پاکستانیوں اور کشمیریوں کو تقسیم نہیں کر سکتا۔ یہ صرف سیاسی جلسوں کے لیے کوئی نعرہ نہیں ہے۔ یہ ایک ایسی حقیقت ہے جسے وقت نے پرکھا ہے۔ 1947 میں دشمن نے جموں میں مسلمانوں کو قتل کر کے انہیں تقسیم کرنے کی کوشش کی۔ وہ ناکام رہا۔ 1965 میں دشمن نے جنگ کے ذریعے انہیں الگ کرنے کی کوشش کی۔ وہ ناکام رہا۔ 2019 میں دشمن نے الحاق کے ذریعے انہیں تقسیم کرنے کی کوشش کی۔ وہ ناکام رہا۔ ہر بار یہ رشتہ مزید مضبوط ہوتا گیا۔ اس کی وجہ بالکل سادہ ہے۔ یہ رشتہ مفادات پر مبنی نہیں ہے۔ یہ کلمہ کی بنیاد پر ہے۔ یہ لا الہ الا اللہ کی بنیاد پر ہے۔ یہ ایک مشترکہ نظریے پر مبنی ہے۔ پاکستان کی بنیاد اسلام کی بنیاد پر رکھی گئی تھی۔ کشمیری بھی اپنی شناخت اسلام کی بنیاد پر چاہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ قدرتی طور پر پاکستان کی طرف دیکھتے ہیں۔

یومِ شہداء جموں کے موقع پر کشمیری اور پاکستانی پاکستان اور کشمیر کے درمیان محبت کے رشتے کی دوبارہ تصدیق کرتے ہیں اور اسے مزید مضبوط بناتے ہیں۔

شہرنامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت



مختصر لباس کے ساتھ دوپٹہ اوڑھنے پر متھیرا تنقید کی زد میں آگئیں



کراچی (شوبز ڈیسک) میزبان اور اداکارہ متھیرا ایک بار پھر سوشل میڈیا پر اپنے مختصر لباس کے ساتھ دوپٹہ اوڑھنے کے باعث موضوعِ بحث بن گئی ہیں۔ شوبز انڈسٹری میں کئی برس سے کام کرنے والی متھیرا اپنے ماضی، ذاتی جدوجہد اور کاسمیٹک طریقۂ علاج سے متعلق کھل کر بات کرتی رہی ہیں، جبکہ لباس کے انتخاب میں بھی وہ اپنی پسند کے مطابق فیصلہ کرتی ہیں۔ حالیہ دنوں میں انہوں نے دبئی کے سفر کی چند تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کیں۔ تصاویر میں متھیرا ماؤو رنگ کے مختصر لباس میں دکھائی دے رہی ہیں، جس کے ساتھ انہوں نے اسی رنگ کی کیپ اور دوپٹہ بھی پہنا ہوا ہے۔ ان کے انداز میں سر ڈھانپا گیا تھا، تاہم ٹانگیں نمایاں تھیں۔ تصاویر سامنے آنے کے بعد سوشل میڈیا صارفین نے لباس کے انتخاب پر مختلف تبصرے شروع کر دیے۔ بعض صارفین نے ان کے انداز کو نامناسب قرار دیا، جبکہ ایک صارف نے مذہبی حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ عیسائیت میں بھی اس طرح سر ڈھانپنے اور جسم نمایاں رکھنے کی اجازت نہیں۔ ایک اور صارف نے طنزیہ انداز میں پوچھا کہ کیا وہ پاکستان میں اپنا لباس بھول آئی ہیں؟ کسی نے ان کے لباس کو ناپسند کیا تو بعض دیگر تبصروں میں بھی ان کے انداز پر تنقید کی گئی۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والے یہ تبصرے صارفین کی ذاتی آرا ہیں، جبکہ متھیرا کی جانب سے اس تنقید پر تاحال کوئی ردعمل سامنے نہیں آیا۔

حنا الطاف کے کراچی کو جیل کہنے پر مرتضیٰ وہاب کا طنزیہ ردعمل



کراچی (شوبز ڈیسک) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے اداکارہ حنا الطاف کے شہر قائد کو جیل قرار دینے والے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں اداکارہ کا نام تو معلوم نہیں، تاہم کراچی کے حالات کے بارے میں رائے دینے سے پہلے ماضی کو بھی یاد رکھنا چاہیے۔ ایک پریس کانفرنس کے دوران صحافی نے حنا الطاف کے بیان سے متعلق سوال کیا تو مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ انہوں نے حال ہی میں وزیراعلیٰ سندھ کو سڑک پر چلتے دیکھا ہوگا، جہاں ان کے ساتھ وزرا، بلدیاتی نمائندے اور عام شہری بھی موجود تھے۔ ان کے مطابق وہاں لوگوں کا ایک بڑا مجمع تھا۔ میئر کراچی نے کہا کہ پیپلز پارٹی سے مخالفت کے باعث بعض لوگ بھول جاتے ہیں کہ تقریباً 20 سال پہلے شہر کے حالات کیسے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ اس دور میں بوری بند لاشوں، ہڑتالوں، بھتہ خوری اور اغوا جیسے مسائل کا سامنا تھا

عثمان مختار نے اہلیہ کی سالگرہ کو یادگار بنا دیا، دلچسپ ویڈیو وائرل



کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار عثمان مختار نے اپنی اہلیہ زنیرہ انعام خان کی سالگرہ پر محبت بھرا پیغام شیئر کر کے مداحوں کے دل جیت لیے۔ اداکار نے انسٹاگرام پر ایک دلچسپ ویڈیو شیئر کی جس میں وہ اپنی اہلیہ کو لپ اسٹک لگانے کی کوشش کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ ویڈیو کے ساتھ عثمان مختار نے اہلیہ کی خوب تعریفیں بھی کیں اور انہیں بہترین ماں، خیال رکھنے والی بہن، شاندار بیٹی اور اسپیشل شریکِ حیات قرار دیا۔

عرفی جاوید نے چوڑیوں سے تیار کیا گیا وزنی لباس پہن کر سب کو حیران کر دیا



ممبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) غیر روایتی لباس پہن کر لوگوں کو حیران کرنے والی عرفی جاوید نے اس بار ایسا لباس پیش کیا ہے جسے دیکھ کر فیشن کے شوقین افراد بھی دنگ رہ گئے۔ سوشل میڈیا اسٹار عرفی جاوید کا یہ منفرد لباس تقریباً 13 ہزار چوڑیوں سے تیار کیا گیا ہے، جس کا وزن 20 کلوگرام بتایا جا رہا ہے۔ اتنا بھاری لباس پہننا اور اسے سنبھالنا یقیناً آسان کام نہیں، تاہم عرفی جاوید اپنے منفرد انداز سے ایک بار پھر توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہی ہیں۔ واضح رہے کہ عرفی جاوید اس سے قبل بھی شیشے کے ٹکڑوں، تاروں اور دیگر غیر معمولی اشیا سے تیار کردہ ملبوسات پہن کر سوشل میڈیا پر موضوعِ بحث بن چکی ہیں۔

کنیکا کپور کا دوسرے شوہر سے بھی علیحدگی کا اعلان



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ کی معروف گلوکارہ کنیکا کپور نے اپنے شوہر گوتم ہتھیرامانی سے چار سالہ ازدواجی زندگی کے بعد علیحدگی کا اعلان کر دیا ہے۔ گلوکارہ نے انسٹاگرام اسٹوری پر جاری بیان میں بتایا کہ دونوں نے یہ فیصلہ سوچ بچار کے بعد کیا ہے اور ایک ساتھ گزارے گئے وقت پر شکرگزار ہیں۔ کنیکا نے گوتم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دوستوں اور اہل خانہ سے اپیل کی کہ وہ اس مشکل مرحلے پر ان کی نجی زندگی کا احترام کریں۔ دونوں کی شادی 20 مئی 2022 کو لندن میں ایک نجی تقریب کے دوران ہوئی تھی۔ شادی سے پہلے بھی وہ کئی برس سے ایک دوسرے کو جانتے تھے اور مبینہ طور پر تقریباً 15 سال تک ان کے درمیان تعلق رہا۔ گلوکارہ اس سے قبل بتا چکی ہیں کہ انہوں نے گوتم کو دو مرتبہ شادی کی پیشکش کی تھی۔

بقیہ نمبر 1

نوید حیدر نے بھی شرکت کی۔اس موقع پر علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے معزز علماء کرام اور حرم کی انتظامیہ سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ملاقات میں مختلف دینی، تنظیمی اور باہمی امور پر گفتگو ہوئی۔

بقیہ نمبر 2

بریگیڈیر (ر) محمد اظہر خان ڈی جی لینڈ اسٹیٹ اور بریگیڈیئر (ر) جاوید اقبال ڈی جی سوک سینٹر کی تعیناتی سی ڈی اے سے کرپشن کے ناسور کو ختم کرنے میں مدد فراہم کرے گی، وفاقی ترقیاتی ادارے (سی ڈی اے) میں تین بریگیڈیئرز کی بطور ڈی جی تعیناتی حکومت کا احسن اقدام ہے جسے خوش آئند قرار دیتے ہیں، وفاقی وزیر داخلہ نے سی ڈی اے کو کرپشن کا گڑھ قرار دیا ہے اور اپنی پریس کانفرنس میں سی ڈی اے کے میرٹ کے کام پر بھی رشوت لینے کی پالیسی کو بدنامی کا باعث کہا ہے، سی ڈی اے جیسے عوامی ادارے میں تین بریگیڈیئرز کا بطور ڈی جی آنا خوش آئند بات ہے جس کی وجہ سے عوام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے، سی ڈی اے میں نئے تعینات ہونے والے پاک فوج کے ریٹائرڈ قابل ترین افسران بریگیڈیئر راشد منظور ڈی جی پلاننگ، بریگیڈیر محمد اظہر خان ڈی جی لینڈ اسٹیٹ اور بریگیڈیر جاوید اقبال ڈی جی سوک سینٹر کی تعیناتی پر عوامی ردعمل میں عوام الناس کی بڑی تعداد نے توقع ظاہر کی ہے کہ سی ڈی اے میں تین بڑے عہدوں پر ڈی جی کے عہدوں پر تین بریگیڈیرز کا آنا اچھی بات ہے جس سے کرپشن آلودہ آفیسرز سے عوام کو نجات حاصل ہوگی اور عوامی بھلائی کے فیصلے بہتر انداز میں میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے سی ڈی اے میں سول افسران جو بغیر سی ایس ایس امتحانات کے بھرتی ہوتے ہیں ان کا ٹارگٹ عوام کو سہولت فراہم کرنے کے بجائے تنگ کرنا، کرپشن کے لیے نئے دروازے کھولنا، سرمایہ کاروں کو تنگ کرنا، اپنی من مانی کرنا اور سرمایہ داروں کی سرمایہ کاری کو غیر محفوظ کرنا اور سرمایہ داروں کو رشوت کے نئے دروازے دکھانا رہا ہے، جبکہ عوام کی درخواستوں اور عوام کے مسائل کو ردی کی ٹوکری کی زینت بناتا رہا ہے تینوں بریگیڈیئرز سے عوام کو بڑی امید وابستہ ہے کہ یہ نہ صرف سی ڈی اے جیسے کرپشن زدہ ادارے کو راہ راست پر لائیں گے بلکہ عوامی مسائل کو بہتر انداز میں حل کرنے اور سرمایہ داروں کو اسلام آباد کی مختلف سکیموں میں سرمایہ کاری کرنے کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کو سہولیات بھی فراہم کریں گے جس کا نتیجہ اسلام آباد کی حقیقی ترقی سمیت اداروں کا اعتماد اور عام عوام کو بہتر سولیات حاصل ہوں گی

بقیہ نمبر 3

اے آر ایم میں 445 ریکارڈ کی گئی۔ اسی طرح بیدیاں روڈ پر فضائی آلودگی کی شرح 364، لاہور کینٹ میں 362، ماڈل ٹاؤن اے بلاک میں 320، اے آر سی لاہور میں 318 جبکہ ڈی ایچ اے فیز 5 بی بلاک میں 297 ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج شہر میں بارش کے کوئی امکانات موجود نہیں ہیں۔

بقیہ نمبر 4

اعلیٰ تعلیم تک رسائی اور کیریئر میں ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنا بھی نہایت ضروری ہے۔" یہ بات سابق سیکرٹری خارجہ پاکستان اور جنیوا میں اقوام متحدہ میں مستقل نمائندہ، سفیر تہمینہ جنجوعہ نے "پاکستان کی خواتین امن وسلامتی میں" کے عنوان سے منعقدہ سیمینار میں کلیدی مقرر کے طور پر کہی، جس کا اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف اسٹریٹیجک اسٹڈیز اسلام آباد (آئی ایس ایس آئی) میں آرمز کنٹرول اینڈ ڈس آرمامنٹ سینٹر (اے سی ڈی سی) نے کیا تھا۔ اس تقریب میں ممتاز خواتین رہنماؤں، سفارت کاروں، اسٹریٹیجک ماہرین، پالیسی پریکٹیشنرز اور بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندگان نے شرکت کی تاکہ سخت اور نرم سلامتی کے تمام پہلوؤں میں خواتین کے کردار کا جائزہ لیا جاسکے، جن میں جوہری تحفظ، سلامتی اور اسٹریٹیجک استحکام سے لے کر امن کی تعمیر اور موسمیاتی تبدیلی جیسے غیر روایتی سلامتی چیلنجز شامل ہیں۔ اپنے کلیدی خطاب کے دوران، سفیر تہمینہ جنجوعہ نے کثیر الجہتی سفارت کاری، اسلحہ کنٹرول مذاکرات اور بین الاقوامی تخفیف اسلحہ کے ڈھانچوں میں خواتین کی قیادت کو وسعت دینے کی اہم ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ پاکستانی خواتین سفارت کاروں نے عالمی پلیٹ فارمز پر قومی سلامتی کے مفادات کا مستقل طور پر دفاع کیا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ خواتین کی مکمل شرکت کے بغیر قومی سلامتی اور سفارت کاری نامکمل ہے۔ ساختی اور معاشرتی رکاوٹوں کو تسلیم کرتے ہوئے، انہوں نے زور دیا کہ خواتین کو خارج کرنا ملک کو اس کی نصف مہارت اور امن سازی کی صلاحیت سے محروم کر دیتا ہے۔ ان کی سفارشات میں گھر اور دفاتر میں ترقی کی راہ میں حائل معاشرتی رکاوٹوں کے خاتمے، خواتین کے لیے اعلیٰ تعلیم، سلامتی کے تمام شعبوں میں خواتین ماہرین کی ڈیٹا میپنگ، طلبہ کی کونسلنگ، تھنک ٹینکس اور میڈیا میں منظم انٹرن شپس، اور خواتین کو اسٹریٹیجک انسداد دہشت گردی تجزیے میں شامل کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ سیمینار میں مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے، اقوام متحدہ کی ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر (قائم مقام) اور پاکستان میں یونیسیف کی نمائندہ، پرنیل آئرن سائیڈ نے زور دیا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 1325 کے تحت خواتین کی شمولیت محض فلاحی معاملہ نہیں بلکہ ایک سیدھا سلامتی کا اصول ہے۔ انہوں نے نوٹ کیا کہ تنازعات میں ہلاک ہونے والے ہر چار عام شہریوں میں سے ایک خاتون ہوتی ہے اور وہ رسمی امن عمل میں شدید طور پر کم نمائندگی رکھتی ہیں۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ مضبوط سلامتی کے لیے سائنس، سفارت کاری اور سلامتی میں خواتین کی مکمل صلاحیتوں کو بروئے کار لانا ضروری ہے تاکہ تجزیاتی سختی کو بڑھایا جاسکے، مفروضوں پر سوال اٹھایا جاسکے اور حکمت عملیوں کو عملی مقامی حقائق پر مبنی کیا جاسکے۔ انہوں نے زور دیا کہ 67 فیصد نوجوان آبادی پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ ہے اور طویل مدتی استحکام وخوشحالی کی کلید ہے۔ پاکستان کی موسمیاتی کمزوریوں، جیسے تباہ کن سیلابوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے، انہوں نے زور دیا کہ دیرپا قومی لچک اور علاقائی استحکام کا انحصار معاشی، ماحولیاتی اور سلامتی کے فریم ورکس میں خواتین کو مرکزی فیصلہ ساز کے طور پر بااختیار بنانے پر ہے۔ انہوں نے جامع ترقی اور پائیدار امن کی جانب پاکستان کے سفر کے لیے اقوام متحدہ کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا۔ "جوہری تحفظ، سلامتی اور ریگولیشن میں خواتین کی شراکت" پر بات کرتے ہوئے، پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی (پی این آر اے) کی سینئر بین الاقوامی تعلقات افسر، محترمہ نورین افتخار نے اجاگر کیا کہ خواتین کی تکنیکی، قانونی اور ریگولیٹری مہارت قومی جوہری تحفظ کے نظام کو براہ راست مضبوط کرتی ہے۔ انہوں نے پی این آر اے میں خواتین کے اہم کرداروں کا خاکہ پیش کیا، جن میں فیلڈ معائنہ اور لائسنسنگ سے لے کر ہنگامی تیاری اور ماحولیاتی تحفظ شامل ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ بااختیار بنانے والی دفتری ثقافت کو فروغ دینا اور آئی اے ای اے جیسے بین الاقوامی پلیٹ فارمز تک مساوی رسائی، STEM اور اسٹریٹیجک ریگولیشن میں خواتین کو آگے بڑھانے کے لیے ضروری ہے۔ شعبہ دفاع و اسٹریٹیجک اسٹڈیز، قائد اعظم یونیورسٹی (کیو اے یو) کی ایسوسی ایٹ پروفیسر، ڈاکٹر سلمیٰ ملک نے "اسٹریٹیجک استحکام کے فروغ میں خواتین کا کردار" پر بات کی۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کے سلامتی ڈھانچے میں صنفی فرق کو ختم کرنے کے لیے منظم راستے قائم کرنے کی ضرورت ہے، جیسے کہ ایک مخصوص ویمن، پیس اینڈ اسٹریٹیجک اسٹیبلٹی فورم، پالیسی اپرنٹس شپس، اور جوہری خطرے میں کمی کے مکالموں میں رسمی شمولیت۔ انہوں نے جوہری خطرے میں کمی اور بحران کے انتظام کے مکالموں میں خواتین ماہرین کو شامل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی مہارت کو اے آئی، سائبر، خودمختاری اور کشیدگی کے خطرے کے جائزوں میں لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ "امن کی تعمیر اور امن قائم رکھنے میں خواتین کے کردار" پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، یو این ویمن پاکستان کی ڈپٹی کنٹری نمائندہ، محترمہ فہمیدہ اقبال خان نے کہا کہ خواتین انسداد دہشت گردی اور سلامتی کا ایک فیصلہ کن اثاثہ ہیں جن کی شمولیت امن کو زیادہ دیرپا بناتی ہے۔ انہوں نے پاکستان کے مضبوط عالمی امن قائم رکھنے کے ریکارڈ اور اس کی داخلی سلامتی حکمت عملی کے درمیان فرق کو ختم کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا، اور زور دیا کہ صنفی سلامتی کے خطرات اور ہتھیار بنائی گئی ٹیکنالوجی کا مقابلہ کرنے کے لیے خواتین کو نچلی سطح پر شامل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے فوری ادارہ جاتی اقدامات کا مطالبہ کیا، جن میں خواتین، امن وسلامتی (ڈبلیو پی ایس) پر قومی ایکشن پلان، ڈبلیو پی ایس کو انسداد دہشت گردی کے فریم ورکس میں شامل کرنا، اور پولیس وامن قائم رکھنے والی افرادی قوت میں خواتین کی نمائندگی بڑھانا شامل ہے۔ "موسمیاتی لچک اور غیر روایتی سلامتی میں خواتین کی شراکت" کو اجاگر کرتے ہوئے، موسمیاتی تبدیلی کے لیے سول سوسائٹی اتحاد (سی ایس سی سی) کی چیف ایگزیکٹو، محترمہ عائشہ عزیز خان نے زور دیا کہ اگرچہ دیہی خواتین موسمیاتی آفات، غذائی عدم تحفظ اور پانی کی کمی کی صف اول میں ہیں، لیکن وہ فیصلہ سازی میں شدید طور پر کم نمائندگی رکھتی ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ پاکستان کے موسمیاتی کمزوری اور تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے دوہرے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے فوری ساختی اصلاحات کی ضرورت ہے، اور نوٹ کیا کہ خواتین کو بااختیار بنانے سے جی ڈی پی میں 9 سے 23 فیصد تک اضافہ ہوسکتا ہے۔ دیرپا لچک کے حصول کے لیے، انہوں نے تمام شعبوں میں خواتین کے لیے مخصوص نشستوں اور وسائل تک مساوی رسائی کو یقینی بنانے والے 20 سالہ مثبت اقدامی منصوبے کا مطالبہ کیا۔ اس سے قبل، اپنے خیر مقدمی کلمات میں، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس ایس آئی سفیر معین الحق نے قومی سلامتی، کثیر الجہتی سفارت کاری اور پائیدار امن کی تعمیر کی کوششوں کو تشکیل دینے میں خواتین کے اہم کردار پر زور دیا۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ خواتین کو بااختیار بنانا قومی لچک، سلامتی اور ترقی میں سرمایہ کاری ہے، اور نوٹ کیا کہ کوئی بھی قوم اپنے تمام لوگوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے بغیر اپنی مکمل صلاحیت کو حاصل نہیں کرسکتی۔ سیمینار کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے، ڈائریکٹر اے سی ڈی سی ملک قاسم مصطفیٰ نے نوٹ کیا کہ پاکستانی خواتین نے خارجہ پالیسی، سائنسی اداروں، دفاعی افواج اور تعلیمی شعبے میں نمایاں پیش رفت کی ہے، اور یہ سیمینار ان کی تکنیکی، ریگولیٹری اور پالیسی شراکتوں کو زیادہ واضح طور پر اجاگر کرنے کا کام کرتا ہے

بقیہ نمبر 5

جنجوعہ نے پیش کی۔ ناظم سٹیج کے فرائض محمد وقاص چشتی نے انجام دیئے اور اجتماعی وخصوصی دعا خطیب جامع مسجد ہذا نے بانی محفل راجہ عابد سابق چیئرمین یونین کونسل کلیال کے بھائی اور راجہ خاور اور راجہ بابر کے والد مرحوم راجہ ظریف اور دیگر مرحومین کے لئے دعائے مغفرت بلندی درجات اور ملک وقوم کی سلامتی امن وامان کی دعا فرمائی۔

بقیہ نمبر 6

کیمپ کے دوران مجموعی طور پر 450 مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا۔ طبی سہولیات حاصل کرنے والوں میں 97 مرد، 118 خواتین اور 235 بچے شامل تھے۔ فری میڈیکل کیمپ میں تمام مریضوں کو مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ وادی شونٹر کے مقامی افراد نے دور دراز علاقے میں مفت طبی سہولیات کی فراہمی پر پاک فوج کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 7

محکمہ ہائی ویز، میونسپل کارپوریشن، محکمہ صحت اور پی ڈی ایم اے کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سنو سیزن کنٹینجنسی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ محکموں کو پیشگی انتظامات مکمل کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس میں مال روڈ، جھیکا گلی، کلڈنہ، سنی بینک، لاری اڈہ، لوئر ٹوپہ، لارنس کالج بائی پاس، پی سی بھوربن، باڑیاں اور مری ایکسپریس وے سمیت اہم اور حساس مقامات پر برف ہٹانے والی بھاری مشینری اور سالٹ اسپریڈرز پیشگی تعینات کرنے کے احکامات جاری کیے گئے۔ اس کے علاوہ 24 گھنٹے فعال مرکزی کنٹرول روم اور سات سے زائد سیاحتی سہولت مراکز فعال رکھنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے ٹی ایچ کیو ہسپتال مری اور سالمی ہسپتال میں ادویات کی وافر دستیابی اور طبی عملے کی سو فیصد حاضری یقینی بنانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ انہوں نے تمام متعلقہ افسران کو دفاتر تک محدود رہنے کے بجائے فیلڈ میں موجود رہ کر انتظامات کی براہ راست نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں مری میں داخل ہونے والی گاڑیوں کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ، اینٹی اسکیڈ چینز کے بغیر آنے والی گاڑیوں کی سخت چیکنگ اور ہوٹل مالکان کو زائد کرایوں اور گرانفروشی سے اجتناب کرنے کی ہدایات بھی جاری کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے سیاحوں سے اپیل کی کہ وہ مری کا سفر شروع کرنے سے قبل موسم کی تازہ صورتحال اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ ٹریول ایڈوائزری کا لازمی جائزہ لیں تاکہ دوران سفر کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے بچا جاسکے۔

بقیہ نمبر 8

پرائم منسٹر واسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو خراج تحسین، تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات گوجرخان کے گاؤں دلی کھتریل سے بجلی کا ٹرانسفارمر چوری کر لیا گیا جسکے بعد اہل علاقہ کو بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی جس سے اہل علاقہ کو مختلف امور کی سرانجام دہی کیلئے شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا، گوجرخان دلی کھتریل کے نوجوان سیاسی و سماجی شخصیت راجہ محسن ضمیر نے عوام علاقہ کی آواز کو ارباب اختیار تک پہنچایا، اور انکی شکایت پر سابق وزیراعظم و اسپیکر قومی اسمبلی پاکستان راجہ پرویز اشرف نے فوری نوٹس لیتے ہوئے اپنے بھائی راجہ جاوید اشرف اور بیٹے خرم پرویز راجہ کو اہل علاقہ کی دادرسی کیلئے ہدایت دی، جس پر راجہ جاوید اشرف اور خرم پرویز اشرف راجہ نے ایس ڈی او جہانزیب کو بتایا اور ان سے کہا کہ وہ موقع پر جائیں اور صورتحال کا جائزہ لے کر اہل علاقہ کو مشکل سے نجات دلائیں، بعدازاں ایس ڈی او جہانزیب موقع پر پہنچے اور انہوں نے واقعے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ٹرانسفارمر چوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر متعلقہ حکام کی جانب سے علاقے میں نیا ٹرانسفارمر جلد نصب کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی۔ اہل علاقہ نے فوری نوٹس لینے اور مسائل کے حل کے لیے اقدامات پر راجہ پرویز اشرف، راجہ جاوید اشرف اور راجہ خرم پرویز اشرف کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 9

پیر کو تمام وفاقی وصوبائی محکموں، روزگار کے مراکز اور تعلیمی اداروں میں چھٹی ہوگی۔ یوم اقبال کے موقع پر 9 نومبر کو تمام مالیاتی ادارے اور بینکس بند رہے گا، جس کا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے اعلان کر دیا گیا ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے یوم اقبال پر عام تعطیل کے اعلان کے تحت پیر 9 نومبر کو اسٹیٹ بینک بند رہے گا۔ سندھ بھر میں یوم اقبال 9 نومبر کو اسکولوں میں تعطیل کا اعلان کر دیا گیا۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ نے 9 نومبر پر اسکولوں میں چھٹی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق محکمہ اسکول ایجوکیشن سندھ نے اسٹیئرنگ کمیٹی کے فیصلے کے تحت 9 نومبر 2026 کو یوم علامہ اقبال کے موقع پر سرکاری ونجی اسکول میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ اس سرکاری فیصلے کے نتیجے میں ان تمام دفاتر، بینکوں اور تعلیمی اداروں کے ملازمین کو متواتر 3 چھٹیاں ملیں گی جہاں ہفتے میں 2 دن (ہفتہ اور اتوار) کی تعطیل ہوتی ہے۔ اس طرح 7 نومبر (ہفتہ سے 9 نومبر پیر) تک چھٹیوں کے بعد تمام تر سرکاری اور کاروباری معمولات 10 نومبر بروز منگل سے معمول کے مطابق بحال ہوں گے۔

بقیہ نمبر 10

متاثر ہونے کے باعث عالمی منڈیوں میں اجناس کی قیمتوں میں 2026 کے دوران 23 فیصد اضافے کی پیش گوئی کی ہے، توانائی کی قیمتوں میں 32 فیصد اور غذائی اجناس کی قیمتوں میں 10 فیصد اضافے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ یہ بات عالمی بینک کی حالیہ کموڈٹی مارکیٹس آؤٹ لک رپورٹ میں کہی گئی ہے، رپورٹ کے مطابق برینٹ خام تیل کی اوسط قیمت 2025 کے 69 ڈالر فی بیرل سے بڑھ کر 2026 میں 91 ڈالر فی بیرل ہونے کی توقع ہے جبکہ 2027 میں قیمت کم ہو کر 79 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی پیداوار میں رواں سال 2,5 فیصد کی متوقع ہے جو 2020 کی عالمی کساد بازاری کے علاوہ چار دہائیوں سے زائد عرصے کی بڑی کمی ہوگی، کھاد کی قیمتوں میں 14 فیصد، دھاتوں کی قیمتوں میں 25 فیصد جبکہ قیمتی دھاتوں کی قیمتوں میں 40 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ عالمی بینک کے مطابق مشرق وسطی میں تنازع کی شدت بڑھنے، تیل کی رسد متاثر ہونے اور بحیرہ اسود کے راستے اناج کی ترسیل میں رکاوٹوں سے توانائی اور غذائی اجناس کی قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں جس سے عالمی مہنگائی اور غذائی عدم تحفظ میں اضافہ اور مزید افراد کے انتہائی غربت کا شکار ہونے کا خدشہ ہے۔ عالمی بینک نے قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے نمٹنے کے لئے اپنے موجودہ مالیاتی ذرائع کے تحت 50 سے 60 ارب ڈالر کی معاونت دستیاب کرنے کا اعلان کیا ہے جس میں 25 ارب ڈالر کی پیشگی طے شدہ مالی معاونت بھی شامل ہے۔

بقیہ نمبر 11

استعمال کسی ایک ملک کی تباہی نہیں بلکہ باہمی خودکشی کے مترادف ہوگا۔ جوہری ہتھیاروں کے استعمال کے تباہ کن نتائج پورے خطے اور عالمی امن وسلامتی کے لیے سنگین خطرہ بن سکتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جوہری ہتھیاروں کا استعمال کسی بھی تنازعے کا حل نہیں بلکہ تباہی کے ایک ایسے سلسلے کو جنم دے سکتا ہے جس کے اثرات کسی ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہیں گے۔ ایسی صورتحال میں انسانی جانوں، بنیادی ڈھانچے اور علاقائی استحکام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ سردار مسعود خان نے اس امر پر زور دیا کہ ایران سے متعلق کشیدگی سمیت تمام علاقائی تنازعات کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے سفارت کاری، مذاکرات اور بامقصد سیاسی مکالمے کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے کسی بھی ایسے اقدام کی روک تھام کے لیے موثر کوششیں کرنی چاہئیں جو خطے کو جوہری تباہی کے دہانے پر لے جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ جوہری ہتھیاروں کا استعمال کسی بھی تنازعے کا حل نہیں بلکہ تباہی کے ایک ایسے سلسلے کو جنم دے سکتا ہے جس کے اثرات کسی ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہیں گے۔ ایسی صورتحال میں انسانی جانوں، بنیادی ڈھانچے اور علاقائی استحکام کو ناقابل تلافی نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔ سردار مسعود خان نے اس امر پر زور دیا کہ ایران سے متعلق کشیدگی سمیت تمام علاقائی تنازعات کا حل طاقت کے استعمال کے بجائے سفارت کاری، مذاکرات اور بامقصد سیاسی مکالمے کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ عالمی برادری کو بھی ذمہ دارانہ کردار ادا کرتے ہوئے کسی ایسے اقدام کی روک تھام کے لیے موثر کوششیں کرنی چاہئیں جو خطے کو جوہری تباہی کے دہانے پر لے جائے۔

بقیہ نمبر 12

قریشی سمیت سٹاف بینک آف آزاد جموں کشمیر نے شرکت کی اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر شاہرات راجہ سجاد نے کہا بینک آف آزاد کشمیر کو جب بھی محکمہ شاہرات کی ضرورت پڑی ہم نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، سابق چیئرمین بلدیہ خورشید احمد قادری نے کہا بینک آف آزاد جموں کشمیر ہماری پہچان ہے آزاد کشمیر کے تمام شہری اداروں اور سیز کشمیری سپورٹ کریں انشاء اللہ بہت جلد بینک آف آزاد جموں کشمیر شیڈول ہو جائے گا جس سے پاکستان اور آزاد کشمیر کا رشتہ مضبوط ہو جائے گا ریجنل ہیڈ بینک آف آزاد جموں کشمیر چوہدری محمد بشارت نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا بینک افراد جموں کشمیر اپ کا بینک ہے اس بینک کے انے سے پاکستان ازاد کشمیر کے لوگوں کے لیے بہترین ضروریات موجود ہیں اب یہ بینک پاکستان کے بڑے بینکوں کے برابر کام کر رہا ہے اور انشاء اللہ بہت جلد شیڈول ہو جائے گا اوور سیز کشمیری اور دیگر شہریوں سے گزارش ہے کہ بینک اف ازاد جموں کشمیر کے ساتھ تعاون کریں

بقیہ نمبر 13

یوراجہ جاوید انور، پرائس کنٹرول مجسٹریٹ مظفرآباد راجہ کاشف لطیف خان اور اسسٹنٹ کمشنر حماد بشیر نے مظفرآباد کے مختلف علاقوں میں ایل پی جی گیس ایجنسیوں، ریٹیل آؤٹ لیٹس اور ایل پی جی پلانٹس کا معائنہ کیا۔ معائنہ کے دوران جن ایل پی جی ایجنسیوں، ریٹیل آؤٹ لیٹس اور ایل پی جی پلانٹس میں اوگرا کے نوٹیفائی شدہ نرخوں سے زائد قیمت وصول کی جارہی تھی، انہیں موقع پر سیل کر دیا گیا اور ان کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی گئی۔ اس موقع پر *ڈپٹی چیف انسپکٹر ایکسپلوزیو راجہ جاوید انور* نے کہا کہ سیکرٹری صنعت وتجارت اور ڈپٹی کمشنر مظفرآباد کی واضح ہدایات ہیں کہ عوام کو اوگرا کے نوٹیفائی شدہ نرخوں پر ہی ایل پی جی فراہم کی جائے۔ راجہ جاوید انور نے کہا کہ اس معائنہ کا مقصد صرف اور صرف قیمتوں کو چیک کرنا تھا کہ آیا ایل پی جی سرکاری نرخوں پر فروخت ہورہی ہے یا نہیں، اور جہاں زائد قیمت وصول کی جارہی تھی وہاں کارروائی کی گئی ہے۔ راجہ جاوید انور نے کہا کہ عوام کو لوٹنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی۔ جو بھی دکاندار، ایجنسی یا پلانٹ مالک اوگرا کے مقرر کردہ نرخ سے زیادہ قیمت وصول کرے گا، اس کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ راجہ جاوید انور نے عوام سے اپیل کی کہ اگر کسی بھی جگہ اوگرا کے نوٹیفائی شدہ نرخ سے زیادہ قیمت پر ایل پی جی فروخت کی جارہی ہو تو فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ ایسے عناصر کے خلاف بروقت کارروائی کی جاسکے۔ راجہ جاوید انور نے مزید کہا کہ ایل پی جی کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد کے لیے معائنہ کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا اور زائد قیمت وصول کرنے والوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

نے کہا کہ اب جبکہ اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کا شیڈول جاری ہو چکا، کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا عمل شروع ہے، عوام بھرپور طریقے سے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں کر رہے ہیں، ایسے میں حکومت کی طرف سے انتخابات کو سبوتاژ کرنے کی کوششیں افسوسناک ہیں جن کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا، نصراللہ رندھاوا نے کہا کہ حکومت اپنی ناکامی کو سامنے دیکھتے ہوئے عوام کو ان کے جمہوری حق سے محروم کرنے کی کوشش کر رہی ہے، یہ سازشیں کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیں گے، جماعت اسلامی بلدیاتی انتخابات میں بھرپور حصہ لے گی۔ نصراللہ رندھاوا نے کہا کہ انتخابات الیکشن کمیشن کے طے شدہ شیڈول کے مطابق ہونے چاہئیں، انتخابات کو عدالت یا دیگر راستوں سے ملتوی کرانے کی تمام سازشوں کو ناکام بنائیں گے، بلدیاتی انتخابات اسلام آباد کی عوام کا آئینی اور جمہوری حق ہے، اسے پر ڈاکہ نہیں مارنے دیں گے صورت ملنا چاہیے، نصراللہ رندھاوا نے کہا کہ اس سے پہلے بھی حکومت نے بارہا اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات ملتوی کرائے، یہ جمہوریت دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے

بقیہ نمبر 15

سے آگاہی دینا اور طلبہ کو غیر صحت بخش الٹرا پروسیسڈ غذائی مصنوعات پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے لازمی نفاذ کی مہم میں فعال کردار ادا کرنے کی ترغیب دینا تھا۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے پناہ کے سیکرٹری جنرل، جناب ثناء اللہ گھمن نے ذیابیطس، موٹاپے، امراض قلب اور دیگر غیر متعدی بیماریوں میں تشویشناک اضافے کے حوالے سے تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں ہونے والی تقریباً 60 فیصد اموات کی وجہ غیر متعدی بیماریاں ہیں۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ چینی، نمک اور غیر صحت بخش چکنائی سے بھرپور الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کا ضرورت سے زیادہ استعمال صحت عامہ کے اس سنگین بحران میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ جناب ثناء اللہ گھمن نے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے حوالے سے اہم حقائق اور اعداد وشمار بھی پیش کیے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ نمایاں اور واضح انتباہی لیبلز صارفین کو مضر غذائی اجزاء کی زیادہ مقدار رکھنے والی مصنوعات کی شناخت، بہتر اور باخبر غذائی انتخاب اور اپنی صحت کے تحفظ میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے چلی، میکسیکو اور دیگر ممالک کی کامیاب مثالیں پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان ممالک میں لازمی وارننگ لیبلز کا نفاذ صحت مند غذائی عادات کے فروغ اور صارفین کے تحفظ کے لیے ایک موثر پالیسی ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ پاکستان میں فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے لازمی نفاذ کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر صارف کو یہ جاننے کا بنیادی حق حاصل ہے کہ وہ کیا کھا رہا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ آگاہی کو پھیلانے اور صحت عامہ کے موثر قوانین کے لیے پناہ کی مہم میں بھرپور کردار ادا کریں۔ یونیورسٹی کی ڈائریکٹر ایکسٹرنل لنکیجز، محترمہ عائشہ تسمین نے پناہ کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحت مند طرز زندگی کے فروغ اور صحت عامہ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نوجوانوں اور تعلیمی اداروں کو متحرک کرنا نہایت اہم ہے۔ اس سیشن کا انعقاد ڈاکٹر صائمہ تحسین، ڈاکٹر رضوانہ بتول، ڈاکٹر عاقصہ پروین اور محترمہ عائشہ صدیقہ کی زیر نگرانی کیا گیا۔ پناہ نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ ملک بھر میں نوجوانوں اور تعلیمی اداروں کو صحت عامہ کی آگاہی مہم میں شامل کرنے کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ ادارے نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ صارفین کو باخبر انتخاب کا حق دینے اور پاکستان کے صحت مند مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کا فوری طور پر لازمی نفاذ کیا جائے۔

بقیہ نمبر 16

ضمانت دائر کی اور دوران سماعت ملزم کے حق میں قانونی دلائل پیش کیے، جسٹس سید فرہاد علی شاہ نے وکیل صفائی کے دلائل سننے کے بعد ملزم حسنین علی کی درخواست ضمانت منظور کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ واضح رہے کہ ملزم کی ضمانت بعد از گرفتاری 4 نومبر 2026 کو منظور ہوئی

بقیہ نمبر 17

امریکا نے دونوں پر فراڈ کے ذریعے ایران کے خفیہ آئل ٹینکر نیٹ ورک کی معاونت کا الزام بھی عائد کیا ہے۔ امریکی محکمہ خزانہ نے کہا کہ نیٹ ورک نے ایران سے تیل کی ترسیل والے جہازوں کو جعلی پرچم اور سرٹیفکیٹس فراہم کیے، ایران کے فضائی شعبے کی معاونت پر ترکیے کی کمپنی پر بھی پابندی لگادی۔ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا کہ ایرانی حکومت کی مسلسل معاونت کرنے والوں کے خلاف پابندیاں عائد کی جائیں گی۔

بقیہ نمبر 18

سوئیس کے اپنے ملازمین پر مشتمل آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا۔ پول اے میں پوٹھوہار وارئیرز، مارکیٹنگ ٹیم سی پی آر، دی آفس گلیڈی ایٹرز اور اسلام آباد ایگلز جبکہ پول بی میں مارگلہ سٹرائیکرز، پروڈکشن پینتھرز، کیپیٹل کنگز اور آپریشنل کنگز شامل تھیں۔ دو روز تک جاری رہنے والے مقابلوں میں کھلاڑیوں نے بھرپور جوش وجذبے اور سپورٹس مین شپ کا مظاہرہ کیا۔ فائنل سے قبل جمیل الیون اور فرینڈز الیون کے درمیان کھیلا گیا شو میچ بھی شائقین کی توجہ کا مرکز رہا۔ اختتامی تقریب میں جیتنے والی ٹیم کو ایک لاکھ روپے نقد انعام اور ٹرافی، رنر اپ ٹیم کو 50 ہزار روپے جبکہ بیسٹ بیٹر اور بیسٹ باؤلر کو 5،5 ہزار روپے انعام سے نوازا گیا۔

بقیہ نمبر 19

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس نے گھریلو چوری میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ایک لاکھ 50 ہزار روپے کی مسروقہ نقدی برآمد کر لی۔ اسلام آباد پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے اور اس کی نمائش میں ملوث 9 ملزمان کو گرفتار کر کے 6 پستول معہ ایمونیشن اور 3 خنجر برآمد کیے۔ منشیات فروشی میں ملوث 4 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 798 گرام آئس اور شراب کی 10 بوتلیں برآمد کی گئیں۔ اسی طرح اشتہاری مجرمان اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے جاری خصوصی مہم کے دوران مزید 11 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم نے کہا کہ شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ نمبر 20

کے حوالے سے اہم اعلانات اور ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ اقبال، جنرل سیکرٹری ملک اسد اقبال، سینئر نائب صدر راجہ فیصل، نائب صدور مرزا رفعت اور ظفر اقبال بھٹی، انفارمیشن سیکرٹری قدیر خان، فنانس سیکرٹری عامر قریشی، جوائنٹ سیکرٹری کاشف چوہدری، سابق صدور احمد نواز کھوکھر، ملک جاوید اقبال، شہزادہ ارباب اور طلعت محمود سیال، سابق جنرل سیکرٹریز راجہ اسد محمود، راجہ عمر لطیف، نصیر چشتی، ملک سلیم، مرزا ظفر اور ارم خیام بھی موجود تھے۔ انہوں نے سی ٹی او راولپنڈی کی آمد کا خیر مقدم کیا اور پوٹھوہار پریس کلب کے پلیٹ فارم سے شہر کے ٹریفک مسائل کو اجاگر کرنے کے ساتھ ان کے حل کے لیے سی ٹی او کی جانب سے فوری احکامات کے اجرا کو خوش آئند قرار دیا۔ سی ٹی او فرحان اسلم نے جی ٹی روڈ پر انڈر پاسز کے منصوبے کے باعث ڈرائیونگ ٹیسٹوں کی سابقہ عمارت مسمار ہونے کے بعد شہریوں کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے متبادل مقام فراہم کرنے کی ہدایت کی اور فیصلہ کیا کہ ہفتے میں دو روز ڈرائیونگ ٹیسٹ منعقد کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کو درخواست دینے اور صحافیوں کی مشاورت سے متبادل جگہ کے حصول کے لیے حکمت عملی مرتب کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پوٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں کے لیے ڈرائیونگ سکول کی تربیتی فیس میں 50 فیصد رعایت دینے کا اعلان بھی کیا۔ ٹریفک قوانین سے متعلق شہریوں میں شعور اجاگر کرنے کے لیے رواں ماہ خصوصی آگاہی سیمینار منعقد کرنے کی ہدایت انچارج گوجرخان سرکل چوہدری قاسم کو جاری کی، جبکہ سکولوں، کالجوں اور ہسپتالوں کے باہر ٹریفک کے رش، غیر قانونی پارکنگ اور نو پارکنگ کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائی کے احکامات بھی دیے۔ گفتگو کرتے ہوئے سی ٹی او فرحان اسلم نے کہا کہ ٹریفک مسائل کے حل کے لیے میڈیا اور ٹریفک وارڈنز کے درمیان باہمی تعاون اور موثر روابط ضروری ہیں۔ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے ساتھ شہریوں کے رویوں میں تبدیلی لانا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ موٹر وے پر سیٹ بیلٹ استعمال کرنے والے بعض ڈرائیور جی ٹی روڈ پر آتے ہی اسے کھول دیتے ہیں اور دوران ڈرائیونگ موبائل فون استعمال کرتے ہیں، جبکہ ون ویلنگ جیسے خطرناک رجحانات بھی قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کا باعث بن رہے ہیں

بقیہ نمبر 21

جارہی، جس کے باعث تدریسی امور متاثر ہو رہے ہیں۔ رواں سمیسٹر بھی محض چار ماہ پر مشتمل ہونے کے باعث طالبات کا ایک ماہ پہلے ہی ضائع ہو چکا ہے، جس سے نصاب کی بروقت تکمیل اور امتحانات کی تیاری کے حوالے سے شدید خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ اس سے قبل بھی جاری بی ایس پروگرام میں ایک مضمون نہ پڑھائے جانے کے باعث تمام طالبات کو اس مضمون میں فیل کر دیا گیا تھا، جس سے طالبات کو شدید تعلیمی نقصان اٹھانا پڑا۔ خصوصاً حال ہی میں داخلہ لینے والی طالبات تدریسی عمل شروع نہ ہونے کے باعث پریشانی کا شکار ہیں۔ والدین نے صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ کالج میں اساتذہ کی فوری تعیناتی، تنخواہوں کی ادائیگی اور باقاعدہ تدریسی عمل کی بحالی کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں تاکہ طالبات کا مزید قیمتی تعلیمی وقت ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 22

آفیسر عامر رشید نے ہیڈکوارٹر ایم ایل اینڈ سی کی خصوصی ہدایات پر شروع کی جانے والی اس مہم کی نگرانی اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسر اور انچارج فوڈ کنٹرول سیل اپنی ٹیم کے ہمراہ کریں گے۔ مہم کے دوران کینٹ کے مختلف فوڈ آؤٹ لیٹس، کاروباری مراکز اور کیٹرنگ سروسز کا معائنہ کیا جائے گا تاکہ خوراک کے معیار اور صفائی کے مطلوبہ اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جاسکے۔ مہم کے دوران فوڈ سیفٹی اور حفظان صحت کے اصولوں پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے گا اس موقع پر فوڈ سیفٹی اور حفظان صحت سے متعلق آگاہی بروشرز بھی تقسیم کیے جائیں گے۔ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ انتظامیہ کے مطابق شہریوں کو معیاری خوراک اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے نگرانی اور آگاہی کے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

بقیہ نمبر 23

پوائنٹ پر گاڑی چھین لی۔ روات پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلیجنس ذرائع استعمال کرتے ہوئے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم قبل ازیں ڈکیتی، گاڑیوں کی چوری، اسلحہ اور منشیات کے مقدمات میں ملوث اور ریکارڈ یافتہ ہے

بقیہ نمبر 24

انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں طبی عملے کی حاضری کا جائزہ لیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو بھی چیک کیا انہوں نے سینیٹیشن اسٹاف کو سختی سے ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ صفائی کے معاملہ میں کسی قسم کی سستی وکوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ مریضوں کو بہترین اور صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جاسکے اس دوران انہوں نے علاج کیلئے آنے والے بعض مریضوں سے خود بھی ملے اور گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ علاج معالجہ کیلئے ہسپتال کے اندر موجود ہر قسم کی ادویات انجکشن گولیاں دیگر سہولیات وضروریات ہر بیمار تک پہنچانے اور اسٹاف کی طرف سے ہر ممکن تعاون کی بھی یقین دہانی بھی کرائی

بقیہ نمبر 25

گھٹرت اور گمراہ کن قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے اور اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ محدود وسائل کے باوجود ہسپتال کا سپورٹنگ اسٹاف گزشتہ کئی سالوں سے او پی ڈی، ایکسرے، فارمیسی اور ڈریسنگ روم سمیت مختلف شعبوں میں ذمہ داری اور مہارت کے ساتھ فرائض انجام دے رہا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق تمام سپورٹنگ اسٹاف کی کارکردگی کی نگرانی متعلقہ ڈی ایم ایس، سی ایم اوز، میڈیکل آفیسرز، فارماسسٹس اور ہیلتھ اینڈ پاپولیشن سرویلنس اسسٹنس مسلسل کرتے ہیں، جبکہ ایکسرے شعبے میں تکنیکی عملے اور ریڈیالوجسٹ کی خالی آسامیوں سے متعلق اعلیٰ حکام کو پہلے ہی آگاہ کیا جا چکا ہے، تاہم موجودہ سہولت فراہم کرنے والا سپورٹنگ اسٹاف نیوکلیئر ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ اور تربیت یافتہ ہے۔ وضاحتی بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ متعلقہ شکایت کنندہ ماضی میں خود ہسپتال کی بعض رضاکارانہ سرگرمیوں اور انتظامات کا حصہ رہ چکا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کے اسپیشل مانیٹرنگ یونٹ کی ٹیم نے ہسپتال کا دورہ کیا اور محدود وسائل میں مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے ڈاکٹرز اور عملے کی کاوشوں کو سراہا، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان بھی روزانہ ہسپتال کا دورہ کرتی ہیں اور عملے کی کمی سمیت انتظامی صورتحال سے آگاہ ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ نے سوشل میڈیا پوسٹ کو منفی پروپیگنڈا قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس معاملے پر قانونی و انتظامی کارروائی کے لیے اعلیٰ حکام کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے، جبکہ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ غیر مصدقہ اطلاعات پر اعتماد کرنے سے گریز کریں۔ تاہم اس معاملے میں شکایت کنندہ کا موقف اور سوشل میڈیا پر اٹھائے گئے اعتراضات کی آزادانہ تصدیق بھی اہمیت رکھتی ہے تاکہ عوام کے سامنے تمام حقائق واضح ہوسکیں۔

بقیہ نمبر 26

برقرار رکھنے کیلیا ایک ہزار سے زائد ٹریفک پولیس افسران و اہلکار بھی تعینات ہیں۔ ترجمان لاہور پولیس کے مطابق شرکا کی سہولت کے لئے 14 مقامات پر پولیس کیمپس قائم کئے گئے، پنڈال میں 3 داخلی راستے اور 27 ناکے لگائے گئے ہیں، تبلیغی اجتماع کا پہلا سیشن 8 نومبر تک جاری رہے گا۔ سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کے مطابق رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے لئے بھرپور سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ سی سی پی او نے ہدایت کی ہے کہ سپروائزری افسران اجتماع کے منتظمین سے مسلسل رابطے میں رہیں، ٹریفک پولیس پارکنگ اور ٹریفک روانی کیلئے موثر اقدامات کرے، اجتماع میں آنے والے ہر فرد کی موثر چیکنگ یقینی بنائی جائے، سکیورٹی انتظامات میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، تمام ڈیوٹی پوائنٹس پر پولیس افسران و اہلکار پوری طرح چوکس رہیں۔

بقیہ نمبر 27

اور مین صدر بازار کے مختلف علاقوں، جن میں چھوٹا بازار اور مٹھو خان ہاتھ شامل ہیں، سخت کارروائی عمل میں لائی گئی ہے کارروائی کے دوران مختلف مقامات سے 6 سے زائد ٹرک تجاوزاتی سامان ضبط کر لیا گیا۔ آپریشن کے دوران مختلف مقامات پر قائم تجاوزات، غیر قانونی تھڑوں پر لگائے گئے ٹھیلوں کو ہٹا دیا گیا ہے جبکہ سڑکوں اور بازاروں میں پیدل چلنے والوں اور ٹریفک کی روانی کو بھی بحال کیا گیا ہے کنٹونمنٹ بورڈ حکام کے مطابق تجاوزات کے خلاف کارروائیاں روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھی جائیں گی، جس کا مقصد شہریوں کو بہتر، صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 28

ساتھ زندگی گزار سکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں اپنے آفس میں مصیب احمد، مرزا نوید مغل، زوہیب مغل، سردار فیصل بیگ ودیگر کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا، ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ ہم اس معاشرے کا حصہ ہیں جہاں عوام کو مختلف مسائل درپیش ہیں، ہمیں عوام کے مسائل کا بخوبی علم ہے۔ اور آئندہ آنے والے بلدیاتی انتخابات میں ہم نئے چہرے سامنے لائیں گے۔ جو پڑھے لکھے اور عوام کے درد کو سمجھتے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ میں پارٹی میں شمولیت کرنے والے تمام اہم سماجی و سیاسی رہنماؤں کی اس بصیرت کو سلام کرتا ہوں کہ ایسے وقت میں جب حکومت کسی اور پارٹی کی ہوا اور وہ کسی دوسری پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں یہ ایک جرات مندانہ اقدام ہے جس پر میں انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ نمبر 29

باب المندب آبنائے کے قریب اہم علاقوں پر قبضے کے بعد کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں کا کہنا تھا کہ 51 ارب ڈالر کا مطالبہ سعودی فضائی حملوں اور طویل ناکہ بندی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لیے ہے۔ بعد میں مختلف مالی مطالبات بھی سامنے آئے، تاہم حوثیوں کا بنیادی پیغام یہ تھا کہ تنازع سے نکلنے کے لیے سعودی عرب کو دسیوں ارب ڈالر خرچ کرنا ہوں گے۔ رپورٹ کے مطابق رواں موسم گرما میں لڑائی دوبارہ شدت اختیار کر گئی، جس کے دوران حوثیوں نے سعودی تیل کی تنصیبات اور ہوائی اڈوں کو نشانہ بنایا اور یمن میں مزید اہم علاقوں پر قبضہ کیا

بقیہ نمبر 30

مشروط کر دیا۔ حکام کے مطابق ٹول پلازہ وصولی کا نظام مکمل ہونے کے بعد ہی رنگ روڈ کو ٹریفک کے لیے کھولا جائے گا۔ رنگ روڈ کے افتتاح سے قبل بانٹھ انٹرچینج جی ٹی روڈ پر تمام انتظامات مکمل کر لیے گئے تھے۔ بانٹھ انٹرچینج سے ٹھلیاں موٹروے لنک تک 3.38 کلومیٹر طویل روٹ مکمل، چار انٹرچینجز بھی تیار ہیں بانٹھ، چک بیلی خان، اڈیالہ اور چکری انٹرچینج مکمل، پانچواں ٹھلیاں انٹرچینج تاحال زیر تعمیر ہے۔ آر ڈی اے ذرائع کے مطابق رنگ روڈ کی فنشنگ مکمل ہو چکی، ٹولنگ بوتھ سسٹم کی تنصیب جاری ہے۔

بقیہ نمبر 31

پروگرام لاہور کی آڈٹ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ سرکاری افسران اور ان کے اہل خانہ بھی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہوتے رہے ہیں، مستفید ہونے والوں میں ایک آدمی کی سات بیویاں بھی ظاہر کی گئیں، گریڈ 17 سے 20 کے افسران کی جانب سے بھی پروگرام سے امداد لینے کا انکشاف ہوا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ لاہور میں ایک شناختی کارڈ پر کئی کئی افراد کو ادائیگیاں کی گئیں، مردوں نے بھی خواتین کے نام پر پیسے نکلوائے، 51 کروڑ روپے سرکاری ملازمین اور ان کے اہل خانہ میں تقسیم کر دیے گئے، ایک شناختی کارڈ متعدد خواتین سے منسلک ہونے کے 5 ہزار 598 کیس اور 24 کروڑ روپے کی ادائیگیاں کی گئیں۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق خواتین کے لیے مقرر امداد 450 سے زائد مردوں کو بھی مل گئی، مالی سال 2022 سے 2024 کے دوران غلط صنفی ریکارڈ پر مردوں کو 76 لاکھ 41 ہزار روپے ادا ہوئے، سرکاری ملازمین، پنشنرز اور ان کے شریک حیات بھی امداد لیتے رہے اور 51 کروڑ سے زائد کی رقم 12 ہزار سرکاری افسران اور ملازمین کو دی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ گریڈ 17 سے 20 کے 107 افسران بھی بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مستفید ہوئے، قواعد کے تحت نااہل 12 ہزار 78 افراد کو 51 کروڑ 57 لاکھ روپے سے زائد ادا کیے گئے، 7 ہزار غیر شادی شدہ خواتین کا ریکارڈ شادی شدہ درج، 10 کروڑ 47 لاکھ روپے سے زائد کی ادائیگیاں اور سرکاری ملازم بھی تعلیمی وظائف کے ریکارڈ میں طالب علم نکلے۔ آڈٹ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 278 سرکاری ملازمین کے بطور طالب علم اندراج پر ان کی ماؤں کو 25 لاکھ 46 ہزار روپے ادا ہوئے، جانچے گئے 23 کیسوں میں متعلقہ افراد تعلیم مکمل کر چکے تھے یا زیر تعلیم نہیں تھے۔ رپورٹ میں طلبہ کی اسکالر شپ کے 13 کروڑ روپے سے زائد کی غیر مجاز منتقلی کا بھی انکشاف ہوا ہے اور پانچ جامعات کے اسکالر شپ فنڈز کے جائز استعمال کا ثبوت آڈٹ کو فراہم نہیں کیا گیا۔ اسی طرح امدادی ادائیگیوں میں خرد برد کی 8 ہزار 907 شکایات آڈٹ کے اختتام تک غیر حل شدہ رہیں، خرد برد کی غیر حل شدہ شکایات میں تقریباً 3 کروڑ 97 لاکھ روپے شامل تھے۔ بی آئی ایس پی کی انتظامیہ نے موقف دیا کہ غلط صنفی اور ازدواجی ریکارڈ ابتدائی سروے میں بنا، جس سے بعد میں درست کیا گیا، بیشتر خرد برد شکایات موقع پر حل ہوئیں جبکہ وصولیوں کے تازہ ریکارڈ کی تصدیق جاری تھی۔ محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی نے بے ضابطگیوں کی تصدیق، تحقیقات اور نااہل افراد سے رقم کی وصولی کی ہدایات کر دی ہیں۔

بقیہ نمبر 32

پروگرام کی مجموعی لاگت 2 ارب روپے تجویز کی گئی ہے اور انٹرن شپ پروگرام میں 50 فیصد کوٹہ مردوں اور 50 فیصد خواتین کے لیے مختص ہوگا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ تین سی جی پی اے کے حامل گریجویٹس انٹرن شپ پروگرام کے اہل ہوں گے، خیبر پختونخوا ڈومیسائل کے حامل گریجویٹس کو انٹرن شپ فراہم کی جائے گی اور گریجویٹس کو ترجیحی صنعتوں، سافٹ ویئر ہاؤسز اور کاروباری اداروں میں عملی تربیت فراہم کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 33

چڑھ کر سفر کرنا پڑتا ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور سے نارووال جانے والی 211 اپ نارووال پسنجر اور 209 اپ فیض احمد فیض پسنجر کی تاخیر معمول بن گئی ہے۔ ٹرینوں میں استعمال ہونے والی متعدد بوگیاں بھی پرانی اور خستہ حال ہیں، جن کے اندرونی حصے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں۔ مسافروں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ ایسی بوگیوں کا استعمال کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ لاہور نارووال سیکشن پر ریلوے حکام کی جانب سے برانچ لائن کو مین لائن جیسی ترجیح نہیں دی جاتی جبکہ ٹرینوں کے ریک شیئرنگ سسٹم نے بھی تاخیر کے مسائل بڑھا دیے ہیں۔ ایک ہی ریک سے مختلف ٹرینیں چلانے کے باعث روزانہ چار مرتبہ ریک تبدیل کیے جاتے ہیں، جس سے ٹرینوں کی روانگی کا نظام متاثر ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق 211 اپ نارووال پسنجر صبح لاہور سے روانہ ہو کر دوپہر تقریباً ایک بجے نارووال پہنچتی ہے، جبکہ 212 ڈاؤن نارووال پسنجر شام پانچ بجے نارووال سے لاہور کے لیے روانہ ہوتی ہے۔ لاہور پہنچنے کے بعد یہی ریک رات آٹھ بجے فیض احمد فیض پسنجر کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، حالانکہ اس ٹرین کی روانگی کا مقررہ وقت شام ساڑھے سات بجے ہے۔ 212 ڈاؤن کی آمد کے باعث فیض احمد فیض پسنجر کی روانگی رات نو بجے معمول بن چکی ہے، جس سے مسافروں کو ڈیڑھ سے دو گھنٹے تاخیر کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ریک کی عدم دستیابی کے باعث لاہور سے نارووال جانے والی فیض احمد فیض پسنجر کے مسافر روزانہ دو سے تین گھنٹے تاخیر برداشت کرنے پر مجبور ہیں

بقیہ نمبر 34

نیا جائزہ مکمل کر لیا گیا، اسلام آباد سروے کے دوران 1,841 سرکاری گھر غیر قانونی طور پر کرائے پر دیے جانے کا انکشاف ہوا ہے، اسلام آباد میں کرائے پر دیے گئے سرکاری گھروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا حکم دیا ہے، اسلام آباد کی کچی آبادیوں اور غریب عوام کے لیے جدید اپارٹمنٹس کا منصوبہ تیار ہے، وفاقی دارالحکومت میں اس وقت 30 سے زائد ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جلد اس کی تفصیلی بریفنگ دیں گے

بقیہ نمبر 35

کلومیٹر رینج کے میزائل تیار کر سکتے ہیں، جس کے لیے باقاعدہ طور پر وزیر دفاع سے بین البراعظمی میزائلوں کی تیاری کی درخواست کر دی گئی ہے

بقیہ نمبر 36

تھے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ فورمز سے منظوری حاصل نہ کرنے والی اسکیمیں ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ زیر جائزہ اسکیموں میں وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی اور اسپیکر بابر سلیم کے حلقوں کی اسکیمیں بھی شامل ہیں۔ مشیر اطلاعات خیبر پختون خواشر بارون بلور کا کہنا ہے کہ تمام ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ لیا جا رہا ہے اور اس عمل میں سیاسی اثر ورسوخ کو خاطر میں نہیں لایا جائے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ تمام فیصلے ہر اسکیم کا الگ الگ جائزہ لے کر میرٹ کی بنیاد پر کیے جائیں گے۔

بقیہ نمبر 37

کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ سعودی عرب اور شام نے علاقائی اور بین الاقوامی سلامتی، جہاز رانی کی حفاظت، توانائی کی فراہمی کے تسلسل اور عالمی معیشت کے استحکام پر کسی بھی فوجی تصادم کے خطرناک نتائج سے خبردار کیا۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان اور شامی صدر احمد الشرع کے درمیان ریاض میں ہونے والے مذاکرات کے ایک سیشن کے دوران سامنے آئی، یہ سیشن شامی صدر کے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی دعوت پر مملکت کے دورے کے ضمن میں منعقد ہوا۔

بقیہ نمبر 38

کی درخواست کی گئی۔ ایف بی آر سے پانچوں افراد کے اثاثوں، بینک اکاؤنٹس اور ذرائع آمدن کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ شکایت کے مطابق جے یو آئی کے سینیٹر کے ملکی اور غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس، لطف الرحمن کے بینک اکاؤنٹس اور کاروباری سرگرمیوں، جبکہ ضیاالرحمن کے اکاؤنٹس میں مبینہ غیر واضح رقوم کی تحقیقات کی استدعا کی گئی ہے۔ اسعد محمود کے بینک اکاؤنٹس اور ابرار احمد کے ٹریول اینڈ ٹورز کاروبار سے متعلق مالی معاملات کی جانچ کا بھی مطالبہ کیا گیا ہے۔ شکایت میں فلاحی، تعلیمی اور کاروباری اداروں سے منسلک لین دین کی چھان بین اور متعلقہ افراد کے اثاثوں، ٹیکس گوشواروں اور بینک ٹرانزیکشنز کا تقابلی جائزہ لینے کی درخواست کی

بقیہ نمبر 39

عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق جنوبی کوریا کی وزارت دفاع نے تصدیق کی ہے کہ حکومت نے اپنے جیو نگھے بحری قزاقی مخالف یونٹ کے آپریشنل دائرے کو وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 40

میں تمام سینیٹرز ووٹ ڈالیں تو ٹرمپ کو عہدے سے ہٹانے کے لیے کم از کم 67 ووٹ درکار ہوں گے۔ اس صورت میں اگر ڈیموکریٹک پارٹی کے تمام 54 ارکان مواخذے کے حق میں ووٹ دیں تو اسے مزید 13 سینیٹرز کی حمایت حاصل کرنا ہوگی

بقیہ نمبر 41

جبکہ دوسرا بڑا آئل ٹینکر آبی گزرگاہ کے مشرقی حصے میں راستے سے نکلتے ہوئے آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ پاسداران انقلاب کا کہنا ہے کہ دوسرے ٹینکر کی آگ بجھانے کے لیے قریب آنے والی ٹگ بوٹ میں بھی آگ لگ گئی

بقیہ نمبر 42

مبارک الکبیر ہسپتال کے انتہائی نگہداشت یونٹ آئی سی یو میں داخل کرایا گیا ہے۔ حکام نے مزید بتایا کہ مبارک الکبیر ہسپتال سے ایک اطلاع موصول ہوئی ہے جس کے مطابق مذکورہ شخص کو ایمبولینس کے ذریعے ہسپتال لایا گیا، وہ رمیثیہ کے علاقے میں ایک عمارت پر بلندی سے نیچے گر گیا تھا۔

بقیہ نمبر 43

سے زیادتی کیس میں تھانہ رحیم آباد پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گزشتہ شب تھانہ رحیم آباد پولیس کو مسماۃ (ع) ساکنہ پشاور نے دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان کے خلاف زیادتی کی رپورٹ درج کرائی

بقیہ نمبر 44

لیے ہے۔ آئی پی پیز اور پٹرولیم لیوی کا بوجھ عوام کی برداشت سے باہر جا چکا ہے۔ معیشت کا پہیہ جام ہے اور حکومت ناجائز حربوں سے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈال رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں لیوی کے مسئلہ پر اجلاس کی صدارت کے بعد صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے ماہرین نے حکومت کے ساتھ مذاکرات کی تفصیلات بتائیں۔ یاد رہے کہ لیوی پر حتمی مذاکرات کے لیے جماعت اسلامی اور حکومتی ماہرین کی تکنیکی کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ قبل ازیں وزارت خزانہ کے دفتر میں مشترکہ ماہرین کا اجلاس بھی منعقد ہوا۔ جماعت اسلامی کے ماہرین نے لیاقت بلوچ کی سربراہی میں منعقدہ اجلاس میں بتایا کہ لیوی پر حتمی فیصلہ کے لیے تکنیکی ماہرین کو حکومت کی ہدایات کا تاحال انتظار ہے۔ نائب امیر جماعت کی صدارت میں منعقدہ اجلاس میں ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر کے پی شمالی عنایت اللہ خان، امیر لاہور ضیاالدین انصاری اور امیر اسلام آباد انجینئر نصراللہ رندھاوا نے شرکت کی۔ سید فراست شاہ اور نصراللہ رندھاوا لیوی پر مشترکہ تکنیکی کمیٹی کے ممبران ہیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ مذاکرات کے تمام ادوار اور وزیراعظم میاں شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی ملاقات میں طے ہوا ہے کہ لیوی پر عوام کو ریلیف دیا جائے گا اور اس ناجائز ٹیکس کا بتدریج خاتمہ ہوگا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت اس بات کو تسلیم کرتی رہی ہے کہ لیوی اور آئی پی پیز کے مسائل پر جماعت اسلامی کا احتجاج ہی عوام کو ریلیف دلا رہا ہے۔ پرامن عوامی مزاحمت و احتجاج کو عوامی مسائل کے حل کا ذریعہ بنالیا جائے تو یہ سیاسی جمہوری روایت کو مستحکم کرے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے سنجیدہ اقدامات نہیں کرے گی تو لانگ مارچ ہوگا اور اس کے نتائج کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔ جماعت اسلامی نے مذاکراتی عمل سے اتمام حجت کرنے کی ہر کوشش کر دی ہے۔ جماعت اسلامی کے احتجاج سے عوام کو ریلیف مل رہا ہے، ہمارا ہدف پائیدار ریلیف ہے جس سے قومی معاشی پہیہ رواں ہو۔ مذاکراتی کمیٹی کے فیصلے کے بعد لیاقت بلوچ نے نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور حکومتی مذاکراتی کمیٹی کے چیئرمین احسن اقبال سے رابطہ کیا اور حتمی فیصلوں کے لیے کہا۔ نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ وہ بیرون ملک سے آئے ہوئے سفارتی رہنماؤں کے ساتھ اجلاس میں ہیں، وہ مذاکرات کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے کل تک اقدامات سے آگاہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 45

علاقائی و بین الاقوامی پیش رفت کے بارے میں بریفنگ دی۔ ترجمان نے اپنے قومی مفادات کے تحفظ، دوطرفہ اور کثیر الجہتی تعاون کو مستحکم کرنے، اور علاقائی امن، استحکام اور خوشحالی کو فروغ دینے کے لیے بین الاقوامی برادری کے ساتھ پاکستان کی مسلسل سفارتی کوششوں اور رابطوں پر بھی روشنی ڈالی

بقیہ نمبر 46

کرتے ہوئے انہوں نے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر چوہدری خادم حسین کو انتخاب پر مبارکباد دی اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ نئی قیادت ملکی معاشی ترقی میں موثر کردار ادا کرے گی۔ چیئرمین سینیٹ نے تجارت، صنعت اور کاروبار کے حوالے سے لاہور کی تاریخی اہمیت کو سراہتے ہوئے کہا کہ کاروباری برادری روزگار کی فراہمی، صنعتی ترقی اور قومی خوشحالی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کے دورے کا مقصد صرف خطاب کرنا نہیں بلکہ کاروباری برادری کے مسائل اور تحفظات کو سننا بھی ہے۔

بقیہ نمبر 47

لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ نیشنل ای او سی کے مطابق مہم میں 2 لاکھ سے زائد پولیو ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کیلئے خدمات انجام دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 48

تعلق امریکی عوام کے ساتھ ہے، امریکا اور ایران کے درمیان جنگ جاری ہے، لیکن پاکستان ایران کا حوصلہ بھی انجوائے کر رہا ہے

بقیہ نمبر 49

آسان بنانے کے نتیجے میں رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے اور زیادہ مستحق شہری اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ مستحق شہریوں کے لیے ٹیکنالوجی پر مبنی یہ شفاف سبسڈی اسکیم مستقبل میں عوامی فلاح وبہبود کے ایسے اقدامات کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگی۔ انہوں نے اسکیم کے حوالے سے مانیٹرنگ اور کارگر ڈیش بورڈ ترتیب دینے پر وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام شزا فاطمہ، وفاقی سیکرٹری انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کام ضرار ہاشم خان اور ان کی ٹیم کی پذیرائی کی

بقیہ نمبر 50

میں لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2015 کے تحت بلدیاتی انتخابات کرانے کا حکم دیتے ہوئے الیکشن شیڈول بھی جاری کیا تھا۔ اس شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے لیے پولنگ کا انعقاد 20 دسمبر کو کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کو اب اسلام آباد کے شہری چوہدری امجد علی نے چیلنج کیا ہے اور ان کے وکیل عادل عزیز قاضی کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن پرانی حلقہ بندیوں پر انتخابات کروانا چاہتا ہے جن کی قانونی حیثیت کا تعین کیے بغیر الیکشن نہیں کرایا جاسکتا۔

بقیہ نمبر 51

پر جائزہ اجلاس ہوا، وزیراعظم نے ملک بھر میں انسداد پولیو مہمات کی کامیاب انعقاد کے لیے فرنٹ لائن پولیو ورکرز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے عزم، محنت اور خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہمات کے دوران فرنٹ لائن ورکرز کی مسلسل رسائی اور ان کی سیکیورٹی یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک بھر میں معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات (روٹین امیونائزیشن) کی کوریج کو مزید بہتر بنایا جائے۔ وزیراعظم نے خصوصی طور پر پولیو سے متاثرہ اور پولیو کے حوالے سے تشویش کے حامل علاقوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کوریج بڑھانے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے سیکیورٹی کے حوالے سے حساس اور مشکل علاقوں میں انسداد پولیو مہمات کے لیے رسائی میں نمایاں بہتری کو قابل تحسین قرار دیا اور ملک میں سامنے آنے والے حالیہ پولیو کیسز پر تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پولیو کے خلاف پہلے سے زیادہ بہتر حکمت عملی اور بھرپور جدوجہد سے آگے بڑھنا ہوگا۔ وزیراعظم نے وفاقی وزیر، وزیر مملکت، سیکرٹری قومی صحت اور انسداد پولیو ٹیم کے اراکین کو فوری طور پر چاروں صوبوں کا فوری دورہ کر کے وزرائے اعلیٰ اور چیف سیکرٹریز سے ملاقاتوں کی ہدایت کی اور کہا کہ ایک ہفتے کے اندر چاروں صوبوں سے مشاورت کے بعد انسداد پولیو کا مربوط لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ اجلاس کو ملک میں حالیہ پولیو کیسز اور انسداد پولیو کے حوالے سے اقدامات پر بریفنگ دی گئی، آج ہی ضلع خیبر سے پولیو کا نیا کیس سامنے آیا ہے جس کے بعد رواں سال ملک میں پولیو کیسز کی تعداد 9 ہو گئی، 2026 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ضلع خیبر سے 3، بنوں سے 3 اور شمالی وزیرستان سے ایک پولیو کیس سامنے آیا؛ ضلع خیبر سے سامنے آنے والے تمام پولیو کیسز افغانستان کے پولیو وائرس سے متعلق ہیں۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ رواں سال صوبہ سندھ میں ضلع کراچی شرقی سے ایک اور ضلع سجاول سے ایک پولیو کیس سامنے آیا، افغانستان سے ہونے والی آمد ورفت پاکستان میں اس وقت پولیو کے پھیلنے کی ایک بڑی وجہ ہے، صوبہ پنجاب میں فروری 2025 سے پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا؛ صوبہ بلوچستان سے 2025 اور 2026 میں پولیو کا کوئی نیا کیس سامنے نہیں آیا، جبکہ آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان پہلے سے پولیو سے پاک ہیں، رواں سال صوبہ سندھ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی مقدار میں کمی دیکھنے میں آئی ہے، انسداد پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی بہتر بنانے اور انہیں خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں بہتر رسائی دینے کے حوالے سے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک، وفاقی وزیر اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر قومی صحت سید مصطفیٰ کمال، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطااللہ تارڑ، وزیر مملکت برائے قومی صحت ڈاکٹر ملک مختار احمد بھرتھ، وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو سینیٹر عائشہ رضا فاروق اور متعلقہ اعلیٰ سرکاری افسران نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 52

بیان میں رانا ثناء اللہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی کے خلاف جنگ میں مولانا فضل الرحمان کا ساتھ لینا چاہیے

بقیہ نمبر 53

(رنگ بدلتا ہے آسمان کیسے کیسے) گورنر خیبر پختون خواہ فیصل کریم کنڈی کو صوبائی وزیر اعلیٰ کے اختیارات تفویض کر دیئے ہیں اس حوالے وفاقی حکومت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا وزیر اعلیٰ کے اختیارات استعمال کریں گے

بقیہ نمبر 54

اور برطانیہ کے تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ فریقین نے سیکیورٹی، قانون نافذ کرنے والے اداروں، ہجرت، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی اور عالمی سطح پر ہونے والی پیش رفت پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ نمبر 55

کویت سے مجموعی طور پر 3.7 ارب ڈالر قرض رول اوور ملنا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق چین سے 4 ارب ڈالر مارچ 2027 میں قرض رول اوور کرایا جائے گا، تینوں ممالک سے تقریباً 1 سال کیلئے قرض کو رول اوور کرایا جائے گا

بقیہ نمبر 56

کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ لاہور کے مختلف علاقوں شفیق آباد، بند روڈ، سمن آباد، شالیمار، باغبانپورہ، سلامت پورہ، داروغہ والا، یتیم خانہ اور مزنگ سمیت مختلف علاقوں کے مکین گیس کی عدم دستیابی اور کم پریشر سے پریشان ہیں۔ شہریوں کے مطابق کھانے کے تینوں اوقات میں بھی گیس کا پریشر انتہائی کم ہوتا ہے

بقیہ نمبر 57

20 لاکھ ڈالر مالیت کا نیا جدید سسٹم فراہم کر دیا گیا ہے، نئے سسٹم میں جدید بغیر پائلٹ فضائی اور بحری نظام فراہم کیے گئے، 24 ہزار سے زائد اینٹی ڈرونز سسٹم اور 1300 سے زیادہ حملہ آور ڈرون پہنچا دیئے۔ محکمہ جنگ کے بیان کے مطابق منصوبے کے تحت 100 سے زائد بغیر پائلٹ بحری اور زیر آب گاڑیاں بھی امریکی افواج کو فراہم کی گئی ہیں، نئے جدید ہتھیار مشرق وسطیٰ میں امریکی فوجیوں کو ڈرون حملوں سے تحفظ دیں گے جب کہ مشرق وسطیٰ کے بعد بحر الکاہل اور یورپ میں تعینات امریکی افواج کو بھی یہ جنگی سامان دیا جائیگا۔

بقیہ نمبر 58

کیا جہاں ان کی آمد پر جی او سی ایس ایس جی نے استقبال کیا۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے شہدا یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی، وطن کے دفاع میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ایس ایس جی کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف کو ایس ایس جی کی خصوصی تربیت، آپریشنل تیاریوں اور مشن کی تکمیل کے لیے استعداد کار پر بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے جدید ترین خصوصی آلات کا معائنہ کیا اور ایس ایس جی کی جنگی مہارت اور خصوصی آپریشنز کا عملی مظاہرہ بھی دیکھا۔



لاہور: نیشنل کالج آف آرٹس میں نمائش کے دوران خواتین بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی پوٹریٹ میں دلچسپی لے رہی ہیں



کربلا معلی حرم حضرت عباس علمدار انتظامیہ کی جانب سے ڈاکٹر شبیر میثمی کو تحفہ پیش کیا جارہا ہے

علامہ شبیر میثمی کی ڈاکٹر سید افضل الشامی سے ملاقات

خصوصی تحائف بھی پیش، دونوں رہنماؤں میں دینی و تنظیمی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) مرکزی سیکرٹری جنرل شیعہ علماء کونسل پاکستان و چیئرمین زہرا (س) اکیڈمی پاکستان حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی حفظہ اللہ نے حرم حضرت عباس علمدارؑ کے ڈائریکٹر برائے دفتری امور ڈاکٹر سید افضل الشامی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر حرم کی انتظامیہ کی جانب سے علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی کا پرتپاک استقبال کیا گیا اور انہیں خصوصی تحائف بھی پیش کیے گئے۔ ملاقات میں نمائندہ دفتر قائد ملت جعفریہ پاکستان حجۃ الاسلام علامہ مجیر محمد میثمی، علامہ ڈاکٹر کرم علی حیدری الکربلائی سمیت دیگر معزز علماء کرام اور رفقاء بھی موجود تھے، جبکہ زہرا (س) اکیڈمی پاکستان کی جانب سے برادر رفعت عباس زیدی اور برادر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

سی ڈی اے میں تین بریگیڈیئرز کا بطور ڈی جی آنا خوش آئند، عوامی حلقے

امید ہے کرپشن زدہ ادارے کو راہ راست پر لائیں گے عوام کو بہتر سولیات حاصل ہوں گی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاک فوج کے ریٹائرڈ قابل ترین افسران بریگیڈیئر (ر) راشد منظور ڈی جی پلاننگ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

سعودی عرب پر حملے روکنے کے لیے حوثیوں کا 51 ارب ڈالر کا مطالبہ، حکومت کا تسلیم کرنے سے انکار

51 ارب ڈالر کا مطالبہ سعودی فضائی حملوں اور طویل ناکہ بندی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لیے ہے

یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کے مرکز عدن سے تقریباً 50 میل کے فاصلے تک پہنچ چکے

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کے حوثی گروپ نے سعودی عرب کو پیشکش کی ہے کہ اگر ریاض حملے روکنے کا معاہدہ چاہتا ہے تو اسے 51 ارب ڈالر ادا کرنے کے ساتھ حوثیوں کو یمن کی حکمران قوت کے طور پر باضابطہ تسلیم کرنا ہوگا۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل نے مذاکرات سے آگاہ ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ سعودی عرب نے حوثیوں سے رابطہ کر کے یہ جاننے کی کوشش کی تھی کہ حملے روکنے کے لیے کس نوعیت کا معاہدہ ممکن ہوسکتا ہے۔ یہ رابطہ حوثیوں کی جانب سے بحیرہ احمر میں سعودی تیل بردار جہازوں پر حملوں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

بلدیاتی انتخابات ملتوی کرانے کے تمام حکومتی حربوں کو ناکام بنائینگے، نصر اللہ رندھاوا

انتخابات الیکشن کمیشن کے طے شدہ شیڈول کیمطابق ہونے چاہئیں، امیر جماعت اسلام آباد

حکومت شکست کے خوف سے انتخابات سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہی ہے، بیان



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا حکومت اپنی شکست کے خوف سے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہی ہے، انتخابات کو ملتوی کرانے کے تمام حکومتی حربوں کو ناکام بنائیں گے، جماعت اسلامی اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں بھرپور شرکت کرے گی۔ جمعرات کو یہاں سے جاری ایک بیان میں انجینئر نصر اللہ رندھاوا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

نوجوان غیر متعدی بیماریوں کیخلاف اپنی آواز بلند کریں، ثناء اللہ گھمن

فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے لازمی نفاذ کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں، سیکرٹری پناہ



فیصل آباد (خصوصی رپورٹ) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی فیصل آباد میں نوجوانوں کے لیے ایک آگاہی سیشن منعقد کیا گیا، جس کا مقصد پاکستان میں غیر متعدی بیماریوں (NCDs) کے بڑھتے ہوئے خطرات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا

فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 338 ریکارڈ کی گئی، بارش کا امکان نہیں، محکمہ موسمیات

لاہور (صباح نیوز) لاہور میں فضائی آلودگی کی شرح خطرناک حد تک پہنچ گئی، شہر دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر پر آ گیا، شہر میں فضائی آلودگی کی مجموعی شرح 338 ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق برکی روڈ پیراگون میں فضائی آلودگی کی شرح 631، سی ای آر پی آفس میں 555، علامہ اقبال ٹاؤن میں 495، ایئر واچ پاکستان میں 469 جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

پاک فوج کا ضلع نیلم کی شونٹر ویلی میں فری میڈیکل کیمپ

مظفر آباد (آئی این پی) پاک فوج دفاع وطن کے ساتھ عوامی خدمت میں بھی پیش پیش ہے، ضلع نیلم کے دور افتادہ علاقے میں فری میڈیکل کیمپ کے دوران 450 مریضوں کا طبی معائنہ کیا گیا۔ آزاد جموں و کشمیر کے ضلع نیلم کے دور دراز علاقے شونٹر ویلی میں پاک فوج کے زیر اہتمام فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، کیمپ کے دوران پاک فوج کی میڈیکل ٹیم نے مقامی افراد کا تفصیلی طبی معائنہ کیا اور طبی مشاورت فراہم کی۔ پاک فوج کے فری میڈیکل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

آئی ایس ایس آئی کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

امن، سلامتی اور سفارت کاری میں خواتین کی صلاحیتوں سے استفادہ پر منحصر

67 فیصد نوجوان آبادی پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ ہے، پرنیل آئرن سائیڈ



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی ایس ایس آئی نے "پاکستان کی خواتین امن و سلامتی میں" کے موضوع پر ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ "امن، سلامتی اور سفارت کاری میں خواتین کی زیادہ شرکت مساوات اور معاشرے کی مکمل صلاحیتوں سے استفادہ پر منحصر ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

نیک اولاد والدین کے لیے صدقہ جاریہ ہے، اسحاق چشتی

دنیا کے ساتھ ساتھ فکر آخرت کی اشد ضرورت ہے، محفل چہلم سے خطاب

اڈیالہ (نامہ نگار) نیک اولاد والدین کے لیے صدقہ جاریہ ہے۔ خوش بخت ہیں وہ والدین جن کی اولاد نیک ہے۔ دنیا کے ساتھ ساتھ فکر آخرت کی اشد ضرورت ہے۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ جو دنیا میں بوئیں گے آخرت میں وہی کاٹیں گے۔ ان خیالات کا اظہار علامہ قاری محمد اسحاق چشتی نے راجہ عابد سابق چیئرمین یونین کونسل کلیال کے بھائی اور راجہ خاور، راجہ بابر کے والد راجہ ظریف کی محفل چہلم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ محفل پاک کا آغاز بابر ندیم نوشاہی نے تلاوت کلام پاک سے کیا اور خصوصی نعت معروف مداح رسول ریڈیو، ٹی وی بابر ندیم نوشاہی، وسیم جبار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



اڈیالہ، راجہ عابد کے بھائی اور راجہ خاور اور راجہ بابر کے والد کے ایصال ثواب کیلئے محفل سے اسحاق چشتی، بابر ندیم و دیگر خطاب کر رہے ہیں

برفباری کے پیش نظر ایمرجنسی ہسپتال مری میں تمام چھٹیاں منسوخ، ہیلتھ آفیسر کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، ڈی سی مری

ٹی ایچ کیو ہسپتال مری اور سالی ہسپتال میں ادویات کی وافر دستیابی اور طبی عملے کی حاضری یقینی بنائی جائے، آغا ظہیر عباس

مری (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا ہے کہ سرمائی برفباری کے دوران سیاحوں اور مقامی شہریوں کے تحفظ اور انہیں تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، ٹریفک پولیس، ریسکیو 1122 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

دلی کھنڑیل میں ٹرانسفارمر چوری کی شکایت، راجہ پرویز اشرف کا فوری نوٹس

راجہ جاوید اشرف اور راجہ خرم پرویز اشرف کو اہل علاقہ کی دادرسی کی ہدایت



گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان کے نواحی علاقے دلی کھنڑیل میں ٹرانسفارمر چوری، راجہ محسن ضمیر کی جانب سے ٹرانسفارمر چوری ہونے کی شکایت پر سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کا فوری نوٹس، راجہ جاوید اشرف اور راجہ خرم پرویز اشرف کو اہل علاقہ کی دادرسی کی ہدایت، آئیسکو اپڈا گوجرخان کے افسران موقع پر پہنچ گئے، چوروں کے خلاف سخت کارروائی کرنے اور جلد نیا ٹرانسفارمر لگانے کی یقین دہانی، اہل علاقہ کی جانب سے سابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ایک ساتھ 3 چھٹیاں، اسکول، بینک اور سرکاری دفاتر بند رہیں گے

کراچی (آئی این پی) شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے 149 ویں یوم ولادت کے موقع پر حکومتِ پاکستان نے 9 نومبر کو ملک گیر عام تعطیل کا فیصلہ کیا ہے۔ رواں سال 19 جنوری 2026 کو منظور کیے گئے سالانہ تعطیلات کے شیڈول کی روشنی میں 9 نومبر بروز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

عالمی منڈیوں میں اجناس کی قیمتوں میں رواں سال 23 فیصد اضافے کا امکان

واشنگٹن (آئی این پی) عالمی بینک نے کہا ہے کہ عالمی منڈیوں میں اجناس کی قیمتوں میں رواں سال 23 فیصد اضافے کا امکان ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹ کے مطابق عالمی بینک نے مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعہ، توانائی کی فراہمی میں رکاوٹوں اور غذائی اجناس کی ترسیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

جوہری ہتھیاروں کا استعمال تنازعے کا حل نہیں، سردار مسعود

اسلام آباد (نامہ نگار) سابق صدر آزاد کشمیر اور امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیاروں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

ووٹیفائی نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے پر ایل پی جی ایجنسیاں سیل

مظفر آباد (وقائع نگار) سیکرٹری صنعت و تجارت اور ڈپٹی کمشنر مظفر آباد کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی چیف انسپکٹر ایکسپلوز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

بینک آف آزاد کشمیر کی 20 ویں سالگرہ، کوٹلی میں تقریب، کیک کاٹا گیا

کوٹلی (نمائندہ خصوصی) بینک آزاد جموں کشمیر کو 20 سال مکمل ہونے پر ایگزیکٹو انجینئر شاہرات راجہ محمد سجاد، سابق چیئرمین بلدیہ خورشید احمد قادری، ریجنل ہیڈ چوہدری بشارت، زونل برانس منیجر ملک الیاس نے کیک کاٹا، اس موقع پر منیجر مین برانچ سردار شکیل احمد۔ گورنمنٹ کنٹریکٹرز ملک افضل، راجہ خالد، اکاونٹنٹ شاہرات عبد الکریم نوجوان صحافی منظر بشیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کا فوڈ سیفٹی ہائجین اور عوامی آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ

6 سے 8 نومبر تک خصوصی مہم کی نگرانی اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسر اور انچارج فوڈ کنٹرول سیل اپنی ٹیم کے ہمراہ کریں گے

مختلف فوڈ آؤٹ لیٹس، کاروباری مراکز اور کیٹرنگ سروسز کا معائنہ کیا جائے گا، فوڈ سیفٹی اصولوں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائیگا

شہریوں کو معیاری خوراک اور صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے نگرانی اور آگاہی کے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، انتظامیہ

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے 6 سے 8 نومبر تک خصوصی فوڈ سیفٹی، ہائجین اور عوامی آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ نے کینٹ میں معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی اور حفظانِ صحت کے اصولوں پر عمل درآمد یقینی بنانے کے لیے 6 سے 8 نومبر 2026 تک تین روزہ خصوصی فوڈ سیفٹی، ہائجین اور عوامی آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے کنٹونمنٹ ایگزیکٹو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ایم ایس ڈاکٹر جواد مجید کا کنگ عبداللہ ہسپتال کا دورہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) MS کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر جواد مجید نے گزشتہ روز دیگر ڈاکٹرز و متعلقہ اسٹاف کے ہمراہ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور ہسپتال کے او پی ڈی سنٹر ایمرجنسی وارڈ مختلف دفاتر کے علاوہ مختلف وارڈز و دیگر شعبہ جات کا بھی معائنہ کیا اس موقع پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان سوشل میڈیا رپورٹس من گھڑت قرار

گوجرخان (بیورو رپورٹ) تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان کی انتظامیہ نے سوشل میڈیا پر ہسپتال کے عملے اور انتظامی امور سے متعلق نشر کی جانے والی پوسٹ کو من (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے کیلئے سیکیورٹی کے سخت انتظامات

لاہور (صباح نیوز) رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے کے لئے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ رائیونڈ تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے پر 3 ہزار سے زائد پولیس افسران و اہلکار تعینات ہیں جن میں 3 ایس پیز، 10 ڈی ایس پیز، 37 ایس ایچ اوز اور 214 پرسپ آر ڈینیٹس ڈیوٹی پر مامور ہیں، ٹریفک کی روانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی، آن لائن ایپ ڈرائیور سے گاڑی چھیننے والا مرکزی ملزم گرفتار

لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ کار اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر): روات پولیس نے تین روز قبل ان ڈرائیو ڈرائیور سے گن پوائنٹ پر گاڑی چھیننے کی واردات میں ملوث مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے لاکھوں روپے مالیت کی مسروقہ کار اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مدعی مقدمہ نے بتایا کہ ملزم نے بہانے سے اسے بلایا اور اپنے ساتھیوں کے ہمراہ گن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)



مانسہرہ، لین دین کے تنازعہ پر بھتیجے کو قتل کرنے والے دونوں چچا گرفتار

گورنمنٹ کالج گوجرخان میں تدریسی بحران، طالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

ایک ماہ گزرنے کے باوجود بی ایس کی کلاسز شروع نہ ہوسکیں، شدید خدشات پیدا ہوگئے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گرلز گریجویٹ کالج گوجرخان میں اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث ایک ماہ گزرنے کے باوجود باقاعدہ کلاسز کا آغاز نہ ہوسکا، جس سے طالبات کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ گیا۔ بی ایس اور اے ڈی پی پروگرامز کی کلاسز سب سے زیادہ متاثر ہو رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق اساتذہ کو تنخواہوں کی ادائیگی بھی نہیں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)







راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے شعبہ انفورسمنٹ کے اہلکار آپریشن کے دوران تجاوز کیا گیا سامان ضبط کر رہے ہیں

آر سی بی کا تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن، سامان ضبط

تجاوزات کیخلاف جاری رکھی جائیں گی، مقصد شہریوں کو بہتر، صاف ستھرا اور محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، حکام

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کے شعبہ انفورسمنٹ نے عوامی شکایات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایگزیکٹو آفیسر عامر رشید کے خصوصی احکامات پر راولپنڈی کینٹ کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن مسلسل جاری ہے گزشتہ روز آپریشن پشاور روڈ، نصیر آباد، مصریال روڈ، ٹینچ بھاٹہ، ڈھوک سیداں روڈ، گرجا روڈ، برف خانہ روڈ، 22 نمبر چونگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پشاور روڈ، نصیر آباد، مصریال روڈ، ٹینچ بھاٹہ، ڈھوک سیداں روڈ، گرجا روڈ سمیت مختلف علاقوں میں قائم تجاوزاتے ٹھیلوں کو ہٹا دیا گیا

برسر اقتدار آ کر عوام کو ہر شعبے میں ریلیف دیں گے، حنیف مغل

آنے والے بلدیاتی انتخابات میں ہم نئے چہرے سامنے لائیں گے



اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ ہم ایسے نظام کے خلاف لڑ رہے ہیں جس میں عوام کے لیے کوئی ریلیف نہیں ہے، ہم انشاء اللہ برسر اقتدار آ کر عوام کو ہر شعبے میں ریلیف دیں گے تاکہ عوام اپنی مرضی کی سکون کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اسٹیٹ بینک 9 نومبر کو بند رہے گا

کراچی (آئی این پی) وفاقی حکومت کی جانب سے یوم اقبال پر عام تعطیل کے باعث اسٹیٹ بینک آف پاکستان بھی 9 نومبر کو بند رہے گا۔ اعلامیہ کے مطابق بینک دولت پاکستان حکومتِ پاکستان کے اعلان کے مطابق یوم علامہ اقبال کے موقع پر عام تعطیل کی وجہ سے پیر 9 نومبر 2026 کو بند رہے گا۔

گھروں میں چوریاں کرنیوالے گروہ کے اہم رکن سمیت 25 ملزمان گرفتار

ملزمان سے نقدی، آئس، شراب، 6 پستول معہ ایمونیشن اور 3 خنجر برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (کرائم رپورٹر): اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں کرتے ہوئے گھریلو چوری میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن سمیت 25 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے ایک لاکھ 50 ہزار روپے کی مسروقہ نقدی، 798 گرام آئس، شراب کی 10 بوتلیں، 6 پستول معہ ایمونیشن اور 3 خنجر برآمد کر لیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی اسلام آباد پولیس کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)



راولپنڈی، میاں عبدالمنان کے بھائی کی وفات پر تعزیتی ریفرنس میں دعا کی جارہی دوسری طرف قرآن کے نایاب نسخے کے ساتھ شرکاء کا گروپ فوٹو

بھارت اور ترکیے کی کمپنیوں اور افراد پر نئی پابندیاں عائد

ایرانی حکومت کے خلاف پابندیاں عائد کی جائیں گی، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا نے ایران سے تعلق کے الزام میں بھارت اور ترکیے کی کمپنیوں اور افراد پر نئی پابندیاں عائد کردیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکا کی جانب سے بھارت میں مقیم سنیل کمار شرما اور ان کی اہلیہ جسپریت پریتی پر پابندیاں عائد کی گئی ہیں جب کہ سنیل کمار شرما سے منسلک 9 اداروں پر بھی پابندیاں لگائی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

جے ایس سپر لیگ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر

جمیل سوئیٹس کے اپنے ملازمین پر مشتمل آٹھ ٹیموں نے حصہ لیا

جیتنے والی ٹیم کو ایک لاکھ اور ٹرافی، رنر اپ ٹیم کو 50 ہزار روپے کا انعام دیا گیا



اسلام آباد (نمائندہ۔شہر نامہ) جمیل سوئیٹس کی جانب سے زرلگڑی سوئیٹس مری کے تعاون سے منعقدہ دو روزہ جے ایس سپر لیگ کا میابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ لیگ 4 اور 5 نومبر 2026 کو میثم کرکٹ گراؤنڈ، فیصل ٹاؤن میں کھیلی گئی، جہاں روزانہ دوپہر 2 بجے سے رات 10 بجے تک فلڈ لائٹس میں ٹیپ بال کرکٹ کے سنسنی خیز مقابلے ہوئے۔ لیگ میں جمیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

سی ٹی او راولپنڈی فرحان اسلم کا پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ

ٹریفک قوانین سے آگاہی کے لیے خصوصی سیمینار کے انعقاد کا اعلان

گوجرخان (بیورو رپورٹ) چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) راولپنڈی فرحان اسلم نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کا دورہ کیا اور نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہر کے ٹریفک مسائل، ڈرائیونگ ٹیسٹوں کی بحالی، ڈرائیونگ سکول کی تربیتی سہولیات اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

صحافیوں کیلئے ڈرائیونگ سکول کی فیس میں 50 فیصد رعایت، ٹیسٹ کیلئے دو روز مقرر